میری کہانی میری زبانی

سی۔ سیکشن

انتساب

میری زندگی اہل ملک کی خدمت اور خیر خواہی میں گزری ہے
اسوقت بھی جو میں نے کہا سنا ہے وہ اونہیں جذبات شرافت
راستبازی۔ دیانت۔ صداقت۔ وفاشعاری۔ عدل
وانصاف کے پیدا کرنے کیخاطر کیا ہے۔ جن کے لئے یہ سب
کچھ ہوا۔ اونہی کے نام انتساب صحیح ہوگا۔
لہذا صدق دل سے اہل ملک کے نام اس میری کہانی
کو معنون کرتا ہوں۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

سی۔ سری کشن

۱۳۵۵ف
۷ اردی بہشت

Oriental Section

۷۲۰۶
۷۲۰۸

موضوع بحث جو اس وقت [redacted] ہیں:

(۱) پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کی تحریر مورخہ ۔ آذر ۵۴ف اور جو مکالمہ اون میں اور مجھ میں اجلاس متفقہ عدالت العالیہ پر تاریخ ۵ آذر ۵۴ف ہوا۔

(۲) راجہ بہادر لشیشور ناتھ کی تجویز اور اجلاس ابتدائی پر میرا بیان جو تاریخ ۱۸ آذر ۵۴ف ہوا۔

تحریر پنڈت لکشمن ریڈی صاحب یہ ہے:۔

"مسٹر سری کشن نے جو طرز گفتگو اختیار کی وہ نہ صرف نازیبا تھی بلکہ تحقیر عدالت تک پہونچ چکی تھی۔ چنانچہ انہوں نے یہ بیان کیا کہ "بحیثیت کونسل کے وہ جانتے ہیں کہ حکامان عدالت العالیہ کس لیاقت سے کام کرتے ہیں" جس سے ظاہر ہے کہ ان کا تخیل ستم دانہ اور ان کو اپنے سینیر کونسل ہونے کی حیثیت سے یہ خیال پیدا ہو گیا ہے کہ وہ ایسے مقدمات میں کونسل مقرر ہو کر تضیع اوقات عدالت کر سکتے ہیں۔ جنہیں کسی قسم کی امید نہ ہو اور جن میں کسی جونیر یا کوئی سر برآوردہ وکیل بحث کرنے کی ہمت نہ کر سکتا ہو" غالباً سری کشن بیارسٹر ایٹ لا کو خلاف آداب عدالت و ناشائستہ و مخرب تہذیب گفتگو کرنے کی جرأت اس وجہ سے پیدا ہو گئی کہ ان کے تعلقات حکامان عدالت العالیہ اور دوسرے احباب سے مخلصانہ ہیں اس کے

قبل بھی اور ایک مقدمہ میں جبکہ یہ بحث کر رہے تھے اس وقت بھی اس قسم کی لاطائل گفتگو سٹر سری کشن نے کی تھی۔ ان کی گفتگو سوائے تضیع اوقات اور کچھ نہ تھی۔ اور غالباً خواجہ عبد العزیز صاحب کے اجلاس پر بھی اس قسم کی ناشائستہ گفتگو کی تھی"

مکالمہ جو ہوا:۔

"سر کیشن۔ میں نے اپنی زبان کھولی ہی نہیں۔ کچھ کہا ہی نہیں۔ آپ نے میری بحث سماعت ہی نہیں فرمائی۔

پنڈت لکشمن ریڈی صاحب۔ ہم اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاہتے میں نے مثل دیکھ لی ہے۔

سر کیشن۔ میں نے بحیثیت کونسل ذمہ داری کے ساتھ درخواست پیش کی ہے۔ اور مجھے اس میں بحث کرنی ہے۔ اس کو وقت ضائع کرنا نہیں کہتے۔ معزز حکام کا تقرر اسی لئے ہے کہ مقدمہ کی بحث سماعت اور اس کا تصفیہ کریں۔ ورنہ ملزمین کی کیسے تشفی ہو سکتی ہے۔ میں نے موکل سے فیس لی ہے۔ عدالت کو توجہ دلانا میرا فرض ہے۔

پنڈت لکشمن ریڈی صاحب۔ ملزمین کی کسی طرح تشفی نہیں ہوتی وکلا دتیار ہو کر نہیں آتے۔ عدالت کا وقت ضائع کرتے ہیں۔ ہم اپنا وقت ضائع کرنا نہیں چاہتے۔ ہماری تجویز ہے"

تجویز راجہ بہادر بشیشور ناتھ یہ ہے:۔

"رائے سر کیشن صاحب نے جو اس وقت بیان کیا ہے جو لکھا گیا ہے اور جو زبانی کہا اور اس کو ضبط تحریر میں نہیں لایا گیا یہ بھی

آداب عدالت کے خلاف ہے۔ ..... رائے سری کشن کا
کا طرز عمل نہایت درجہ آداب عدالت کے خلاف رہا ہے۔ اس لئے
یہ کارروائی صیغہ انتظامی میں دیجائے"

بیان سری کشن :-

"میں خیال کرتا ہوں کہ میری بیماری میری کمزوری کے حال سے
..... جملہ اراکین ہائی کورٹ واقف ہیں۔ آداب عدالت سے
واقف ہوں۔ اور چاہتا ہوں کہ نہ صرف عدالت العالیہ میں آنے والے
بلکہ اور دوسرے لوگ اراکین بھی اوسکو قائم رکھیں اور بڑھائیں۔ اپنی
ذات کی حد تک اتنے زمانہ کے بعد مجھ سے یہ کہا جاتا کہ آپ اجازت
لیجئے تو اجازت دیجا سکتی ہے۔ اور جسپر اسی کے ذریعہ کہلانا کہ لکڑی
باہر رکھیں میں اپنی ہتک سمجھتا ہوں۔ اور اس بنا پر عالیجناب مجھ سے
خواہش کریں کہ میں ہائی کورٹ کے باہر چلا جاؤں تو میں جانے آمادہ ہوں
ورنہ مسئلہ صاف ہے"

بجواب سوال راجہ بہادر بشیشور ناتھ۔ "میں لکڑی یہاں دنگا
فساد کرنے۔ دکلاء یا اور لوگوں کو ٹھوکنے کے لئے نہیں لاتا"

میری کہانی حصۂ اوّل میری زبانی

عجیب مخمصہ میں پھنسا ہوں۔
میرا دل و دماغ کچھ کہتا ہے۔ دنیا کچھ اور رنگ جمانا چاہتی ہے۔
پہلے بھی تھا۔ اب اور تجربہ ہوتا چلا ہے جتنے منہ اوتنی باتیں۔
وہی پرانا قصہ ہے کیا کروں کیا نہ کروں"۔

مجھے تو راستہ صاف دکھائی دیتا ہے لیکن کیا اغیار کیا احباء ہر دو چاہتے ہیں میں وہ راستے نہ چلوں۔

ان کے کچھ دلائل ہیں اور مصلحتیں۔

میرے لئے وقت مصیبت ہے۔ ہر قدم پر نئے رنگ روپ کا سامنا ہے حسب اعلان مجھے شہر یور میں جانا چاہئے تھا "کیوں ٹھیرا ہوا ہوں" اہم سوال ہے کیا جواب دوں۔ گو یم مشکل ورنہ گویم مشکل۔

راست گوئی بڑی بری بلا ہے۔ کون اوس کی قدر کرتا ہے خدا جانے۔

جب جانے کی ٹھائی معاملہ لین دین کی یکسوئی ضروری تھی۔

صاف گوئی نے کہلوایا اس کا تصفیہ کرکے ہی رخصت ہوں گا۔

لیکن ادھر تقاضا ادھر دیر ہی مصیبت پہ مصیبت۔ نہ ادھر کا ہوا نہ ادھر کا

سمجھا تھا آسان راستہ یہی ہے جو دیانت اور صداقت سے کہا اور کیا جائے۔

لیکن یہ اپنا کہنا ہے۔ دنیا اس کو کس برتے پر مانے؟

گلہ شکایت کس سے؟ دنیا کو میری بلا سے کیا غرض؟ وہ اپنی طرح چلیگی

مجھے اپنا بوجھ آپ سنبھالنا چاہئے۔ اپنے کئے ہوئے کا خمیازہ کون بھگتیگا؟

ہوگا وہی جو خدا کو منظور ہو۔ مگر حیدرآباد سے جانا ہے۔ یہ کیا ہو؟

معمہ حل نہیں ہوتا۔ اور میں اس وقت اسی کے داؤ پیچ میں ہوں۔

رستگاری کب کس طرح ہوگی یہ معلوم نہیں۔

مسئلہ کا یہ ایک رخ ہے۔ دوسرا رخ بھی اہمیت میں کچھ کم تر نہیں۔

اس کو کسطرح بیان کروں؟ واقعات کا اعادہ ہی شاید اس کی وضاحت کرے۔

عدالت العالیہ کے نوٹس اور اس کی بے قدری نے مجھے وکالت چھوڑنے پر مجبور کیا۔ اس کو آج گیارہ مہینے ہوئے۔

میری بساط ہی کیا! ایک ذرۂ ناچیز ہوں۔
البتہ جذبہ رکھتا تھا۔ خدمت گزاری کا۔ اور چاہتا تھا ملک کے کام آؤں۔ مگر جب یہ کسی کو منظور نہیں تو رخصت کا خواہاں ہوا۔ سات مہینے کا عرصہ گزرا۔ دیکھتا ہوں وہی لیل و نہار ہے۔ جانا ہی اچھا ہے کسی پر کیوں میرا بار ہو۔؟
کیا کہوں لوگ کیا کہتے ہیں۔
کس نے کیا کہا۔ یہ کہاں تک کہتا جاؤں۔ کس کس کے نام بتلاؤں۔ میرے لئے الف تا یا سب یکساں ہیں۔ فرق جو ہے وہ صرف بولنے والوں اور ان کے وجوہ و دلائل کا نتیجہ ہیں۔ میرے لئے جو پیغام ہے وہ یہی ہے۔ گزشتہ کو بھول جاؤں۔ اپنے کہے اور کئے ہوئے کو صرف غلط کی طرح مٹا دوں۔ اور جو گزرا اوس پر اظہار تاسف اور ندامت کروں۔ یہ سمجھوں جو دوسروں نے کیا وہ سب سچ اور صداقت پر مبنی ہے۔ میرے خود کا خیال و قول و فعل غلط ہے۔ اوس کی بنیاد کہر کھلی ہے۔
ملاحظہ ہو۔
اس تصور میں کہ درخواست غلط پیش کی گئی پنڈت لکشمن ریڈی صاحب نے یہ چیز برملا کہدی۔ اپنے اہلکار سے "رام لعل کشن کو لکھا جائے اون کو سپرد انتظامی کیوں نہ کیا جائے۔ ان کی سند کیوں نہ لے لی جائے" اس پر میں نے توجہ دلائی۔ غلطی بتلائی۔ کہ مثل نہ دیکھی گئی نہ واقعہ کی تصدیق کی گئی۔ یوں ہی جو دل میں آیا کہدیا گیا۔ جو مناسب طریقہ نہیں ہے۔
چند ہی دن بعد دوسرا سلسلہ شروع ہوتا ہے۔
بلا سماعت بحث مقدمہ میں تجویز صادر کی جاتی ہے۔ میں کہتا ہوں

میں نے زبان کھولی ہی نہیں۔ کچھ کہا ہی نہیں۔ بحث ہی سماعت نہیں کی گئی۔ یہ تجویز کیسی؟ بعد سماعت بحث تجویز کی جانی چاہئے۔ مجھ پر الزام عائد ہوتا ہے۔ میں نے تحقیر عدالت کی۔ آداب عدالت کو ملحوظ نہیں رکھا۔ ناشائستہ۔ مخرب اخلاق و تہذیب گفتگو کی۔ تحت قانون وکلاء کارروائی آغاز کی گئی۔ میں نے جوابدہی کی۔ بحیثیت کونسل اپنے فرض کی ادائی میں جیسے جو کرنا چاہئے تھا وہ میں نے کیا۔ جو میری نسبت لکھا گیا ہے وہ صحیح نہیں ہے۔ میں تحقیر نہیں تو تیر عدالت کا خواہشمند ہوں۔ جو پنڈت لکشمن ریڈی صاحب نے تحریر کیا ہے وہ مزبل حیثیت عرفی ہے۔ اس کے نسبت تحقیقات باضابطہ عمل میں آنی چاہئے۔ جو خاص کمیشن کے ذریعہ ہو۔ مولوی ہاشم علی خاں صاحب مولوی خلیل الزماں صاحب۔ مولوی مرتضےٰ خاں صاحب نے اس کی ضرورت نہیں سمجھی۔ میرے طرز عمل کو بداطواری قرار دیا۔ تنبیہ کی۔ کہا اظہار ناسف کیا جائے تو مناسب ہے۔ یہ تو مجھ سے ممکن نہ تھا۔ غلطی کا اعتراف کروں جب میں نے ایسی کوئی حرکت نہیں کی۔ لہذا جیسا پہلے کہہ چکا تھا سند وکالت واپس کردی۔

تقریباً ۴ سال کے عدالت کے بعد جو بلا اعتراض جاری تھا۔ راجہ بہادر لشیشور ناتھ نے مجھ پر لکڑی ساتھ رکھنے کی نسبت اعتراض کیا۔ میں نے اوس وقت جو کہا اوس کو خلاف آداب عدالت قرار دیا گیا۔ (۴) مہینے کے سکوت کے بعد۔ مولوی خلیل الزماں صاحب نے بہ مشورہ راجہ بہادر لشیشور ناتھ دوسری کارروائی تحت قانون وکلاء آغاز کی۔ میں نے جوابدہی کی۔ "میں نے ایسی کوئی چیز نہیں کی بلکہ راجہ بہادر لشیشور ناتھ نے فی الواقعی آداب عدالت کو ملحوظ نہیں رکھا۔

معزز اراکین عدالت العالیہ کی اونہوں نے تحقیر اور بے حرمتی کی۔ اور توہین عدالت العالیہ کو صدمہ پہونچایا۔ محض اس لئے کہ میرا ہتک کیا جائے مجھے مضرت پہونچے۔ میں بدنام در سوا ہوں" اور طالب تحقیقات ذریعہ کمیشن ہوا۔

مولوی خلیل الزماں صاحب۔ مولوی ہاشم علی خاں صاحب پنڈت سری پت راؤ صاحب نے اس بناء پر کارروائی کو دافلدفتر کر دیا کہ میں وکالت نہیں کرنا چاہتا۔ اور اس کے قبل تنبیہ دیجا چکی ہے اور یہ بھی تجویز کی کہ "کارروائی چلائی جائے" اس کا مطالبہ کرنے کا کوئی حق مجھے بہ حیثیت فریق حاصل نہیں ہے۔ عدالت العالیہ جب چاہے کارروائی کو ختم کر سکتی ہے۔

تحت قانون وکلاء محکمہ سرکار میں نگرانی کرنے کا حق عطا کیا گیا ہے لہذا میں نے ہر دو تجاویز عدالت العالیہ کی نگرانی داخل کی نواب عالم یار جنگ بہادر نے ان کو نامنظور فرمایا۔

ہر وہ طریقہ جو آئین و قانون نے بیجا اتہام سے برأت حاصل کرنے کے لئے مہیا کر رکھا ہے وہ میں نے اختیار کیا۔

عدالت العالیہ میں میری التدعا ہی کہ تحریر مزبل حیثیت عرفی کو پنڈت لکشمن ریڈی صاحب سے ثابت کرایا جائے۔ اراکین عدالت العالیہ سے اس کا تعلق تھا۔ لہذا کمیشن کے ذریعہ تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ اسی طرح اونہی وجوہ کی بناء پر راجہ بہادر بشیشور ناتھ کے معاملہ میں بھی میں نے باضابطہ تحقیقات ذریعہ کمیشن کی خواہش کی۔

صدور تجویز کے بعد جو میرے خلاف تھی۔ عدالت العالیہ میں

تجویز ثانی اور محکمہ سرکار میں نگرانی میں نے پیش کی۔
صدر اعظم و باب حکومت کے پاس بھی مسئلہ کو پیش کیا۔
جو اشخاص میرے بدنامی و رسوائی کے درپے تھے اون کے مقابلہ میں قانونی چارہ کار اختیار کرنے کے ارادے کو ظاہر کیا۔ اور خود صدر اعظم کو اس کا ذمہ دار قرار دیکر اون کو بھی نوٹس دی۔
بہر حال درجہ بہ درجہ ادنیٰ سے اعلیٰ تک ہر محکمہ میں میں نے چارہ جوئی کی کوشش کی۔ اور اب بھی میں نے اس کو ترک نہیں کیا ہے کیونکہ میری یہ تمنا ہے کہ اس معاملہ کا تصفیہ حقیقت کی روشنی میں ٹھوس واقعات کی بناء پر کیا جائے۔
چنانچہ نواب صدر اعظم بہادر اور معزز ارکان باب حکومت کو میں نے پھر اس امر کی اطلاع دی ہے کہ میں صدر اعظم بہادر کی ذات کو اور نیز سرکار عالی کو جو میری توہین کی گئی اور مجھے نقصان پہونچایا گیا اوس کا ذمہ دار قرار دیتا ہوں اور ہرجہ کا تعین میں نے مبلغ پانچ لاکھ روپے کیا ہے۔
دیکھئے کیا ہوتا ہے۔ بہر حال یہ ہے روئداد عدالتی جو اسوقت تک میرے تعلق سے ظہور پذیر ہوئی ہے۔
لوگوں نے بہت سی باتوں کے بہت کچھ کہا ہے۔ اونکے مجملہ یہ قیل و قال ہے۔ ان سے اس کا اندازہ ہوگا کہ مجھے کن چیزوں سے سابقہ پڑا ہے۔
پہلے واقعہ کے وقت پنڈت رامچندر نایاب صاحب۔ مولوی ابو سعید مرزا صاحب نے روکا۔ مولوی حسین احمد بیگ صاحب نے کہا آپ کو جو کہنا تھا وہ آپ کہہ چکے۔ اب اس کو یہیں رہنے دیجئے

اس بنا پر معاملہ رفت و گزشت ہو گیا۔

جب لکڑی کا قصہ شروع ہوا۔ پنڈت آر۔ دھر وائینگار صاحب دیوان بہادر جو اوس وقت موجود تھے۔ مجھ سے کہا "اجازت مجھے دیجئے" راجہ بہادر لشیشور ناتھ کی تائید شائد مقصود تھی۔

تھوڑی دیر بعد رائے منوہر پرشاد صاحب اور مولوی محمد احمد صاحب انصاری نے مجھ سے کہا۔

"آپ چپ ہو جائے" جب میں نے کہا "جمعہ جمعہ آٹھ دن ہوئے مجھ سے کہتے ہو۔ چپ رہو۔ راجہ بہادر لشیشور ناتھ سے کیوں نہیں کہتے۔" وہ چلے گئے۔ ان کی نیت تھی شائد مجھے خاموش کر کے فضا ٹھنڈی کر دیں۔ راجہ بہادر لشیشور ناتھ کو وہ مخاطب نہ کر سکتے تھے۔ فرد کارروائی میں اس جملہ کا ذکر ہے۔

نواب اصغر یار جنگ بہادر نے راجہ بہادر لشیشور ناتھ سے ملاقات کی اور کچھ کہے سنے۔ راجہ بہادر لشیشور ناتھ نے یہ تجویز کر رکھی تھی کہ اگر ضرورت کے نسبت اطمینان ہو گا۔ تو غور مکرر کیا جائے گا۔ نواب اصغر یار جنگ نے اپنا بیان تحریر کرایا۔ اور مجھ سے اس کا ذکر کیا میں نے کہا آپ نے اپنے بیان سے راجہ بہادر لشیشور ناتھ کے عمل کو ایک قانونی جواز کی شکل دیدی۔ اور چاہتے ہیں کہ میری جو توہین کی گئی اوس کی میں پروا نہ کروں۔

جب (۴) مہینے کے بعد تحت قانون وکلا کارروائی کئے جانے کی نسبت مجھے نوٹس دیگئی تو اون کے حیرت کی انتہا نہ رہی۔ کیونکہ اون کا خیال تھا کہ جب بیان تحریر کرایا گیا تو معاملہ رفت گزشت

ہو گیا ہو گا۔ اور مثل داخلہ دفتر کر دی گئی ہو گی۔

مولوی ابو سعید مرزا صاحب نے دوسرے طریق سے اس کے متعلق مجھ سے کہا۔ "ابتدا راجہ بہادر بشیشور ناتھ کی غلطی بھی تھی لیکن یہ الفاظ کہہ کر کہ "میں لکڑی ٹھوکنے کے لئے نہیں لایا" اپنے پہلو کو تم نے کمزور کر دیا۔ معنی کے لحاظ سے صرف واقعہ کا اظہار مقصود ہو۔ پھر بھی اون الفاظ کا استعمال مقام عدالت العالیہ میں زیبا نہیں۔ لہذا راجہ بہادر بشیشور ناتھ اپنے غلطی کا اعتراف کریں اور تم اپنی۔ ایک دوسرے کے معافی سے مسئلہ ختم ہو جائے۔ میں نے لفظی تعبیر کو غیر صحیح قرار دیا اور کہا معنی اور منشاء کو دیکھا جائے۔ توہین میری کی گئی میں نے کیا غلطی کی جس کے لئے معافی چاہوں۔ یوں جو چاہو کہلوا لو۔ غلطی تسلیم نہیں ہے اس اثناء میں پنڈت لکشمن ریڈی صاحب نے اپنی تحریک پیش کی تحت قانون وکلاء کارروائی آغاز کی گئی۔ میں نے اپنا بیان داخل کیا۔ مولوی قمر حسین صاحب نے شائد کوشش کی تھی کہ مسئلہ اس نوبت پر رفع دفع ہو جائے۔ کیوں ناکامیابی ہوئی۔ اس کا علم اونہیں کو ہو گا۔ تاریخ پیشی مقرر تھی۔ معائنہ مثل سے ظاہر ہو چکا تھا کہ پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کی تحریر مزیل حیثیت عرفی ہے۔ میں اوس کی نقل چاہتا تھا۔ میری جانب سے نواب اصغر یار جنگ بہادر پیروی کر رہے تھے۔ میں خود بھی حاضر تھا۔ مولوی ابو سعید مرزا صاحب نے کہا وہ نواب اصغر یار جنگ سے گفتگو کریں گے۔ اون سے کہنے سننے کے بعد وہ راجہ بہادر بشیشور ناتھ سے ملنے گئے۔ تھوڑی دیر بعد نواب اصغر یار جنگ بہادر کے ذریعہ سے مجھے یہ پیغام وصول ہوا

"مضمون مزیل حیثیت عرفی کو قلمزد کر دیا جائے گا۔ یا اگر اس کی خواہش کی جائے تو دوسری تحریر اس کو حذف کر کے لکھدی جائے گی۔ بقیہ جزو علی حالہ قائم رہے گا۔ میرے اظہار تاسف کے بعد کارروائی ختم کر دی جائے گی" میں نے کہا منشا و صرف یہ معلوم ہوتا ہے پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کی تحریر سے جو گتھی پڑ گئی تھی اوس حد تک اس کو سلجھا لیا جائے۔ قانونی شکنجہ سے اون کو نکال لیا جائے۔ بقیہ خیریت۔ مجھے یہ منظور نہیں جو ہونا تھا وہ ہو چکا۔ ہر شخص اپنے کردار کا آپ ذمہ دار ہے

اس کے بعد مولوی ابو سعید مرزا صاحب اور پھر پنڈت رامچندر سا ایک صاحب نے شرکت جلسہ سے انکار کیا۔ وجہ وہ خود جانتے ہیں

نواب اصغر یار جنگ بہادر نے بھی پیروی ترک کی شاید وجہ یہ ہو کہ میں نے گتھی کے اس طرح سلجھائے جانے کے طریق سے اتفاق نہیں کیا۔ ان کا یہ بیان بھی تھا کہ میں نے اون کے بلا اطلاع جدا ہی کی۔

بالآخر کارروائی چلی اور میں نے پنڈت لکشمن ریڈی صاحب اور راجہ بہادر لشیشور ناتھ کو نوٹس بھی دی۔

ایک صاحب نے تذکرۃً کہا۔ نام اون کا کیوں لیا جائے کہ ان نوٹسوں نے عدالت العالیہ میں بحثیت پیدا کر دی ہے۔ لہذا اب پوری قوت کے ساتھ کام لیا جائے گا۔

تجویز ہوئی۔

"میرا طرز عمل آداب کے منافی ہے لہذا اظہار تاسف کیا جائے۔ ورنہ احکام تنبیہہ جاری ہوں"

پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کی تقریر کو علی حالہ بلا ثبوت روئداد میں شامل نہیں کیا گیا۔
اپنی درخواست کے سلسلہ میں جب ملنے گیا تو نواب عالم یار جنگ بہادر نے مجھ سے بات چیت کی۔ اور ساتھ ہی عدالت العالیہ کو ٹیلیفون دیا۔ راجہ بہادر لشیشور ناتھ اجلاس پر تھے۔ صاحبزادہ محمد علی خاں صاحب نے گفتگو کی نواب عالم یار جنگ بہادر نے دریافت کیا۔ یہ مسئلہ کب تک جاری رہے گا۔ (یعنی میرے مقابلہ میں جو کارروائی چل رہی ہیں) صاحبزادہ مولوی محمد علیخاں صاحب نے جواب دیا میں نے تجویز ثانی داخل کی ہے۔ بغرض سماعت تاریخ مقرر ہے۔ نواب عالم یار جنگ بہادر نے کہا راجہ بہادر لشیشور ناتھ اور پنڈت لکشمن ریڈی صاحب سے کہا جائے وہ آکر ملیں اور مثل اون کے پاس بھیجدی جائے۔
بیارسٹروں نے اپنی اپنی سندیں واپس کرنا چاہیں۔ اور شائد اس سلسلہ میں نواب اصغر یار جنگ بہادر۔ پنڈت شنکر راؤ صاحب بورگاؤنکر۔ پنڈت وینکٹا نایک صاحب مولوی سمیع الدین صاحب۔ پنڈت جگموہن ریڈی صاحب۔ نواب عالم یار جنگ بہادر سے ملے۔ اون سے کیا باتیں ہوئیں مجھے اس کا علم نہیں ہے۔
میرے پاس پنڈت ونایک راؤ صاحب۔ مولوی محمد احمد صاحب انصاری بھی تشریف لائے۔ اور ان سبھوں نے اپنی تائید و ہمدردی کا اظہار کیا۔ میں نے کہا مجھے اس سے کیا واسطہ آپ جو چاہیں کریں۔
مولوی حیدر رضا صاحب زیدی ــــ مولوی اکبر علی خاں صاحب نے بھی ان لوگوں سے رفاقت کا وعدہ کیا تھا۔

وکلاء کا طریقہ کیا رہا کہوں ؟
بعض کا کہنا تھا یہ معاملہ کسی طرح رفع دفع ہو جائے تو بہتر ہے۔ مولوی عبداللہ صاحب تماپوری اور مولوی عبدالرحیم صاحب کبھی کبھی مجھ سے پوچھ لیا کرتے تھے کہ کیا ہو رہا ہے۔ پنڈت رام کشن راؤ صاحب ادھر و دھر دیکھتے۔ اونکی نگاہیں راجہ بہادر بشیشور ناتھ اور نواب عالم یار جنگ بہادر کی طرف رہتیں۔ گزشتہ اردی بہشت ۱۳۵۴ف میں واپسی سند کے بعد ہی انجمن وکلاء کے معائینہ کے لئے پوری شل کی نقل میں نے ٹائپ کرائی تھی۔ شاید ابھی انجمن غور کر رہی ہے۔ مولوی محمود علی صاحب کو اس امر کا افسوس رہا کہ وکلاء کی جماعت نے اپنا فرض نہیں ادا کیا۔ بے اعتنائی کی۔ اونکو ہمت و جرأت سے کام لینا چاہئے تھا۔ میرے لئے نہ سہی اپنے پیشہ کی عزت و آبرو کی خاطر۔
انجمن وکلاء کو جو میں نے تحریر کیا تھا کہ وہ یہ تھا:۔
" اپنے خلاف تادیبی کارروائیات کے سلسلہ میں میں نے جو کچھ بھی کہا سنا ہے اس سے آپ بے خبر نہیں ہیں۔ میں نے اپنی سند واپس کر دی ہے۔ اب یہ کام آپ کا ہے کہ اپنے طبقہ کی شان رفعت قائم و برقرار رکھنے کی طرف متوجہ ہوں۔ عدالت العالیہ نے جو نظریہ بار کی حیثیت و فرائض کی نسبت قائم کیا ہے وہ خوددار طبقۂ بار کے لئے قابل تسلیم نہیں ہو سکتا۔ اور نہ ایسا گرا ہوا بار دادخواہوں کے لئے انصاف بہم پہونچانے میں کسی طرح ممد و معاون ہو سکتا ہے۔ نہ اوس کی کوئی عزت و وقعت ہو سکتی ہے۔ ایسا بار ملک کے واسطے مفید نہیں مضرت رساں ثابت ہوتا ہے۔

میں رخصت ہو رہا ہوں۔ میں نے اپنا فرض ادا کیا۔ حیدرآباد کا بیج و بار اپنا فرض ادا کرے"

اس کی نقل بغرض واحد بیارسٹر اسپوسی ایشن کو بھی دیدی گئی تھی۔ راجہ بہادر بشیشور ناتھ اور پنڈت لکشمن ریڈی صاحب نے بھی نواب عالم یار جنگ بہادر سے ملاقات کی۔ نواب عالم یار جنگ بہادر نے مجھے چٹھی لکھکر بلوایا اور کہا پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کہتے ہیں کہ انکے دل میں کچھ نہیں ہے اور نہ راجہ بہادر بشیشور ناتھ اور دیگر اراکین کے میں نے کہا بالکل ٹھیک ہے ان کے دل میں کچھ نہیں ہے جو کچھ ہے وہ میرے ہی دماغ میں ہے۔ میں نے اپنے متعلق رپورٹ کی۔ اپنے ہی کو برا بھلا کہا۔ مقدمہ قائم کیا۔ اوس کے چلانے پر مصر ہوا۔ اپنے خلاف فضاء پیدا کی سزا بھی دے لی۔ سند بھی واپس کر دی۔ اب کسی کو اس سے کیا واسطہ۔ نواب عالم یار جنگ بہادر نے کہا میں نے بہت اثر لیا ہے۔ اور متاثر ہوں۔ اسپر نواب اصغر یار جنگ بہادر نے کہا جو پہلے ہی سے وہاں موجود تھے۔ میں نے بہت سمجھایا یہ مانتے ہی نہیں میں نے ان سے سند لی ہے جو میرے قبضہ میں ہے۔ بیارسٹر بھی اپنی سندیں واپس کرنا چاہتے ہیں میں نے اونہیں روکا ہے۔ نواب عالم یار جنگ بہادر نے یہ سنکر کہا اس کی ضرورت نہیں۔ میں تصفیہ کر دونگا۔ میری سند کے متعلق نواب عالم یار جنگ بہادر نے نواب اصغر یار جنگ بہادر سے کہا کہ اگر کوئی پوچھے تو وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ سند نواب عالم یار جنگ کے صندوق میں ہے۔

اس کے بعد جو اطلاع ملی وہ یہ تھی کہ نواب عالم یار جنگ بہادر نے نگرانیوں کو نامنظور کر دیا ہے۔ اور یہ تجویز کی کہ تجویز عدالت العالیہ

میں کوئی قانونی سقم نہیں ہے۔

پنڈت سری پت راؤ صاحب اور مولوی مرتضیٰ خاں صاحب نے اس مثل کے واپسی پر اپنی تجویز کو محول رکھا۔ غرض کیا تھی وہ خود ہی جانتے ہیں۔ ابھی تک اس میں تجویز نہیں ہوئی ہے۔ دیکھئے کیا کرتے ہیں۔ اس مقدمہ میں ازراہ مہربانی میری جانب سے نواب اصغر یار جنگ بہادر اور مولوی اعجاز حسین صاحب نے پیروی کی۔ جس کے لئے میں ان کا ممنون ہوں۔ میں چاہتا تھا کہ خود ہی اپنے طریق پر اس میں جوابدہی کروں۔ لیکن نواب اصغر یار جنگ کو اپنے دوستانہ حق پر اصرار تھا۔ وہ چاہتے تھے میرا اس کام کریں۔

میرا مسودہ جواب مختصر تھا جو حسب ذیل ہے۔

"عدالت العالیہ کا احترام مجھے ہر وقت ملحوظ ہے۔ اس کی تحقیر میرا منشاء نہیں۔ صرف تحریر منزل حیثیت عرفی کے نسبت چارہ کار قانونی کرنے کا ارادہ ہے بس۔ معزز حکام ہی خود رہنمائی فرمائیں۔"

اس مقدمہ میں ابتدائی پیشی کے بعد مولوی خلیل الزماں صاحب نے جلسہ سے علیحدگی اختیار کی۔ وجہ وہ جانتے ہیں۔ مولوی عبدالحمید خاں صاحب نے بھی شرکت جلسہ سے انکار کیا۔ اون کا تعلق از ابتدا تا انتہا کسی کارروائی سے نہ رہا۔ یہ اپنی حد تک یکتا ہے۔

اوروں نے کیا کہا کیا کہوں۔ کس کو کیا کہنا چاہئے تھا۔ اور اس نے کیا کہا اور کیا نہیں کہا۔ یہ منظر سامنے آیا۔ جن سے نہ رہا گیا۔ اون کی زبان سے الفاظ ہمدردی اور تائید نکلے جن کی طبیعت میں ضبط تھا یا جو مصلحت بین تھے انہوں نے سکوت اختیار کیا۔ دوسروں نے کچھ کہا

سنا۔ دل میں کچھ زبان پہ کچھ۔
نواب عسکر یار جنگ بہادر نے پہلے یہ کہا تھا میری غلطی ہے۔ پنڈت لکشمن ریڈی صاحب اور راجہ بہادر لشیشور ناتھ کا عمل صحیح ہے۔ نیت انکی کچھ کیوں نہو۔ اب معلوم نہیں۔ حالات سے واقف ہونے کے بعد اون کا کیا خیال ہے۔
مولوی محمد صدیق صاحب کی تحریک تھی۔ حیدرآباد کے بہی خواہ جو باہر ہیں ان کے پاس میری کتابیں بھیجی جائیں۔ مضامین کے اعتبار سے اونہیں دلچسپی ہوگی۔ اتفاقاً نواب عسکر یار جنگ سے میں نے پوچھا کیا ایسے کوئی اون کے احباب ہیں جو ان کے خیال میں میری کتابیں پڑھنا چاہیں گے۔ نواب عسکر یار جنگ بہادر نے کہا میری یہ خواہش نہ ہونی چاہیے۔ میں اپنی چیزیں اپنی حد تک محدود رکھوں۔
انداز دنیا دیکھئے۔ دلچسپی جو ہے قدم قدم پہ اصرار ہے یہ کروں وہ نہ کروں۔ نقصان ہو کچھ نہ کہوں مصیبت جھیلوں۔ اُف تک نہ کروں۔ مگر یہ بھی ہے۔ مولوی اکبر علی خاں صاحب نے رخصتی بیان کے دوسرے ہی روز یہ تحریر روانہ کی۔

برادر مکرم

تسلیم۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہر شخص کو جو واقعات سے واقف ہے اس تصفیہ نامرضیہ کا بیحد رنج و ملال ہے۔ جو آپ میں اور لچھمار ریڈی صاحب رکن میں ہوا ہے۔ آپکا پورا احترام کرتے ہوئے میں یہ عرض کروں گا کہ سند وکالت کی واپسی کا بیان اگر نہ ہوتا تو مناسب تھا۔ میں یہ جانتا ہوں کہ آپ پیشۂ وکالت کے فرائض دیانت داری اور کامل

ذمہ داری کے ساتھ انجام دیتے ہیں وہ تمام برادری طبقہ کے لئے باعث احترام اور قابل تقلید ہیں۔ اس کے علاوہ بحیثیت ایک انسان اور حیدرآبادی کے جو کیریکٹر اور جذبۂ وفاداری و خدمت گزاری کا ثبوت دیا ہے۔ اس کی وجہ بھی آپ کے احباب آپکی عزت کرتے ہیں مزید براں حضرت والد مرحوم اور آپ کے والد محترم کے جو برادرانہ تعلقات تھے اور جس طرح آپ کے ارکان خاندان اور میرے بھائیوں وغیرہ میں باہمی محبت رہی وہ ایک ایسا اثاثہ ہے جس پر ہم دونوں فخر کر سکتے ہیں ان اعتبارات سے بحیثیت آپ کے ایک چھوٹے بھائی کے آپ کے وکالت ترک کرنے کی وجہ میں نذر محبت اس کے ساتھ گزران رہا ہوں۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ ہر سال ماہ اردی بہشت میں یہ حقیر تحفہ گزرانے کی سعادت حاصل کرونگا۔ اگر آپ ازراہ خرد نوازی قبول فرمادیں۔ تو میرے لئے باعث صد شکر و امتنان ہوگا۔ فقط

آپکا چھوٹا بھائی
میر اکبر علی خان

۱۴ اردی بہشت ۱۳۵۴ ف

میرا یہ جواب رہا۔

عزیز و مہربان من!

عنایت نامہ وصول ہوا۔ چیک بھی۔ اس کی ضرورت نہ تھی محبت کی آنکھوں سے تم نے میری طرف دیکھا۔ اس کی میں قدر کرتا ہوں۔ روپیہ پیسے سے بڑھکر رشتۂ محبت ہے۔ اور میرے لئے

زیادہ عزیز ہے۔ جس مخلصانہ طریقہ سے تم نے تحفہ ارسال کیا ہے اوس نے میرے دل پر گہرا نقش کیا ہے جس کو میں کبھی فراموش نہیں کر سکتا حق بزرگیت تم نے مجھے دیا ہے۔ اوس کے واسطہ سے یہی کہہ سکتا ہوں کہ تمہیں خدا اس اظہار سعادت مندی کے لئے جزائے خیر دے۔ خیالات و جذبات نیک رکھو۔ ملک کے کام آؤ۔ اور کیا کہوں۔ تم میرے ہو۔

اس وقت تک چیک واپس نہیں کیا۔ رکھا ہوں کہ تم برا نہ مانو کبھی ملو تو اچھا ہے۔

تمہارا بھائی

سری کشن

رقم رکھ لی گئی تھی۔ اب بھیجدی جائے گی۔ میری نگاہ میں اس جذبہ کی قدر ہے جس کے تحت وہ روانہ کی گئی تھی۔ اس لئے میں نے اسے رکھا بھی۔

اس کی نوعیت دوسری ہے۔

ہے تو یہ بھی اوسی سلسلہ میں۔

نواب وزارت جنگ بہادر نے واپسی فیس مبلغ پانچہزار روپیہ کا مطالبہ کیا نواب تراب یار جنگ بہادر اور نواب سالار جنگ بہادر کے ذریعہ مقدمہ میرے تفویض ہوا تھا۔ اور فیس ادا ہوئی تھی۔ میں نے جواب دیا اگر وہ کہیں تو انکا ارشاد میرے لئے واجب التعمیل ہے۔ میں فیس واپس کر دونگا۔ ساتھ ہی نواب صدر اعظم بہادر کے پاس اور کمیشن کے روبرو درخواست پیش کی اور عدالت العالیہ سے بھی رہنمائی کی استدعا کی کہ ان

حالات میں کیا یہ مطالبہ صحیح ہے۔ پیشگاہ صدارت عظمیٰ سے جواب وصول ہوا کہ درخواست بغرض تصفیہ کمیشن میں بھیجدی گئی ہے عدالت العالیہ اور کمیشن نے کوئی تجویز نہیں کی۔

نواب سالار جنگ بہادر نے یہ تحریر روانہ کی کہ رقم دیدیجائے نواب تراب یار جنگ بہادر نے یہ لکھا وکیلوں سے مشورہ کیا گیا رقم واپس کر دیجانی مناسب ہے۔ بنا بر ایں میں نے واپسی رقم کا وعدہ کر لیا ہے۔ جو عنقریب بھجوادی جائے گی۔

اکثر احباب کا پہلے یہ خیال تھا کہ کسی نہ کسی طرح یہ کشیدگی رفع ہو جائے گی۔ کچھ دنوں یہ امید رہی کہ عدالت العالیہ میں نہ سہی نواب عالم یار جنگ بہادر اس کا تصفیہ کرا دیں گے۔ وجہ شاید یہ ہو مختلف اشخاص سے نواب عالم یار جنگ بہادر نے گفتگو کی تھی۔

مولوی سید محمد اعظم صاحب نے اون سے کہا تھا۔ لیکن نواب عالم یار جنگ بہادر نے تجویز کر دی۔ مولوی محمد اعظم صاحب نے مکرر توجہ دلائی۔ نواب عالم یار جنگ بہادر نے کہا "میں تجویز کر چکا ہوں۔ اگر مجھ سے مل کر وہ صرف اتنا کہدیں "افسوس ہے" تو میں کارروائی کو ختم کر دونگا"۔ محمد اعظم صاحب نے مجھ سے ذکر کیا۔ میں نے جواب دیا۔ نواب عالم یار جنگ بہادر کو اپنی سرسری تجویز کا اتنا پاس ہے کہ وہ مجھ سے باضابطہ طریق پر اظہار تاسف کرانا چاہتے ہیں۔ جو بغیر ان کے توسط و ایما کے عدالت العالیہ میں بھی ہو سکتا ہے تو کیا وہ اس کی توقع رکھتے ہیں کہ محض اون کے اس پیام کی بدولت میں اپنے پبلک اعلان کے خلاف عمل کروں گا"۔

اون کا یہ کہلانا میرے مزید توہین کا باعث ہے۔ محمد اعظم صاحب نے نواب عالم یار جنگ بہادر سے شائد یہ کہا ہوگا۔

اس کے بعد نواب عالم یار جنگ بہادر نے رائے راجموہن لعل صاحب کے ذریعہ محمد اعظم صاحب کے پاس یہ کہلوایا کہ اب پہلے کی حالت باقی نہیں رہی ہے۔ پنڈت لکشمن ریڈی صاحب اور راجہ بہادر بشیشور ناتھ نہیں ہیں۔ لہذا اگر میں عدالت العالیہ میں کام شروع کروں تو اراکین کو اس پر کوئی عذر و اعتراض نہ ہوگا۔" رائے راجموہن لعل صاحب نے مجھ سے بھی نواب عالم یار جنگ بہادر کا یہ پیغام پہونچایا۔ اور مولوی سید محمد اعظم صاحب نے بھی اس کا تذکرہ کیا۔ میں کیا کہتا۔ یہی کہنا پڑا کہ شائد میرے بیانات کو اونہوں نے بغور نہیں پڑھا۔ آخر اون کی اب یہ مہربانی کیوں؟ میں نے جو کہہ دیا کہہ دیا۔ وہ اپنی تجویز پر قائم رہیں۔ اگر فی الحقیقت اون کا یا اراکین عدالت العالیہ کا یہ خیال ہے کہ میں اپنی سند واپس لوں اور عدالت العالیہ میں پھر سے کام شروع کروں تو وہ اپنے تجویز کو منسوخ کریں۔ اور عدالت العالیہ کا جو برتاؤ میرے ساتھ رہا ہے اس پر اظہار تاسف کریں۔

پنڈت رامچندر نایک صاحب۔ مولوی ہاشم علی خاں صاحب۔ مولوی خلیل الزماں صاحب سے نواب عالم یار جنگ بہادر کی ملاقاتیں شائد ہوئی تھیں۔

پنڈت رامچندر نایک صاحب نے بھی مجھ سے کہا۔ مولوی ہاشم علی خاں صاحب نے بھی مولوی خلیل الزماں صاحب نے پیامات

بھیجے۔ بلوایا۔ تفصیلی بات چیت کی۔ میرا ایک ہی جواب رہا۔ تجویز عدالت العالیہ اپنی جگہ ہے۔ اور میں نے جن وجوہ کی بنا پر اپنی سند واپس کی ہے وہ اپنی حد تک قائم ہیں۔ پنڈت لکشمن ریڈی صاحب اور راجہ بہادر بشیشور ناتھ نہ ہوں تو کیا۔ مسئلہ تو ان سے بڑھ کر عدالت العالیہ کا ہو چکا۔ لہٰذا عدالت العالیہ اگر چاہتی ہے کہ میں کام کروں تو وہ اس کو ظاہر کرے۔ اظہار تاسف پر اصرار نہ ہو۔ تب بھی محض یہ کہہ دینا "میں آؤں کوئی عذر اعتراض نہ ہوگا" کافی نہیں ہے اور پھر میں آؤں یا نہ آؤں۔ عدالت العالیہ جو مناسب خیال کرتی ہے۔ وہ کرے۔ میں اس نوبت پر رحم و کرم کا خواہاں نہیں۔ اور نہ میں نے جو سند واپس کی ہے وہ لینے کی خاطر ہے۔ میرے آنے ہی کی شرط کیوں ہے۔

اس سے قبل مولوی جہانگیر علی صاحب مجھ سے ملے تھے۔ اور مشورہ چاہا تھا کہ کیا کیا جائے۔ میں نے کہا اپنے ہی معاملہ میں کیا کہوں۔ یہ کام آپ کا ہے۔ آپ خود غور کریں۔ جو چاہے کریں مجھے جو کہنا تھا وہ میں نے کہہ دیا۔ اور اس پر قائم ہوں۔ مجبوریات کی وجہ سے ٹھیرا ہوا ہوں۔ ورنہ کب کا چلا گیا ہوتا۔

رائے سنوہر پرشاد صاحب بھی اسی طرح پیام لائے۔ اونہی کے الفاظ میں۔ وہ صاحب ممدوح کی حکم کی تعمیل میں آئے اور پیغام پہونچایا۔ اون سے بھی میں نے وہی کہا۔ جو مولوی جہانگیر علی صاحب سے کہا تھا کہ میرا آنا ممکن نہیں جب تک۔ اراکین عدالت العالیہ اپنی تجویز اور نظریے پر قائم رہیں۔

جب ملاقات ہوئی مولوی قمر حسن صاحب۔ پنڈت سری پت راؤ صاحب۔ مولوی باسط علی خاں صاحب۔ رائے راجمو ہن لعل صاحب نے بھی مثل دوسرے احباب عدالت العالیہ کے اور کام شروع کرنے کے لئے کہا۔

میں نے اپنی وہی مجبوری ظاہر کی۔

معلوم نہیں قدم قدم پہ میرے لئے یہ آزمائشیں کس لئے ہیں؟ بعض ہی جانتے ہیں مجھے کن دقتوں کا سامنا ہے۔ کیا کہوں۔ ان کی اہمیت اور نزاکت میں کئی وجوہ سے اب اور بھی اضافہ ہو گیا ہے۔ کس طرح تصفیہ کروں؟ لغزش کے سب سامان مہیا ہے۔ اس میں سہولت بھی۔ آرام بھی ہے۔ دوستوں کے پیام کو قبول کر لیا جائے تو یکلخت ہر دو بیانات رخصتی شل ہو غلط مٹ جاتے ہیں۔ اور گزشتہ کی یاد بھی شاید باقی نہ رہے۔ ورنہ فساد و شکن بھی ہے۔ ہمت افزا بھی۔ میرے دل میں خود یہ سوال اوٹھتا ہے۔ پوچھنے والے پوچھیں تو کیا جواب دوں؟ اپنے نظریئے کے صداقت پر زعم تھا تو آخر وقت تک اوس کو کیوں نہ نبھایا؟۔ کیا اونہیں یہ کہوں حالات نے ہٹا اور لاچار کر دیا۔ اس لئے ثابت قدم نہ رہ سکا؟ کیا کروں؟ مجھے اپنا راستہ طے کرنا ہے۔ وہ صحیح ہے یا غلط خدا جانے۔

ایک اور وقت ہے۔ جس کو میں ہر وقت ہر لمحہ محسوس کرتا رہتا ہوں۔ دنیا کیا مجبور ہے کہ اپنے آرام۔ اپنی مصلحتوں کو چھوڑ محض ایک خیالی تصور دیانت۔ صداقت۔ عدل و انصاف کے اثبات کے لئے زحمت اوٹھائے۔ وقت دے؟ کیا اس سلسلہ میں

مجھے یہ حق حاصل ہے کہ اپنے تصورات و تخیلات کے تحت اپنے متعلقین کو بھی گرفتار بلا کروں؟ اور کیا یہ میری بلند پروازیاں جو خود میرے ہی واہمہ کا نتیجہ ہیں اون کے لئے جن کو مجھے دینا ہے۔ نقد کا معاوضہ بن سکتی ہیں؟ اور کیا ان کے لئے وہ باعث تسکین اور دلاویزی ہو سکتی ہیں؟ کیا کہوں؟ ان پیچ در پیچ مصیبت میں مبتلا ہوں۔ خدا ہی اوس سے نجات دے تو دے۔

واقعات کا ایک پہلو میری ذات سے تعلق رکھتا ہے لیکن مسئلہ ہے معدلت گستری کا۔ اس کے نظریئے کا۔

دائرہ انصاف میں کیا اظہار شرافت کی ضرورت ہے۔ اور کس کا پلہ بھاری ہے۔

بنچ کا یا بار کا۔ کیا بنچ ہمہ اوست ہے۔ یا بار بھی اس کا مستحق ہے کہ اوس کو چھ حصہ عوام میں عزت و آبرو کا مالک۔ حصول عدل و انصاف کے لئے کیا چاہیئے۔ معدلت گستری میں کردار بنچ کیا تنقید سے بالاتر ہے اور کیا بنچ بار کی تذلیل کا مجاز ہے۔ اور کیا بار اس سے ممنوع ہے کہ اپنی حفاظت آپ کرے۔ کیا ضبط و تحمل کی بار کو ضرورت ہے بنچ کو نہیں؟

بہر حال میں نے ان مسائل کو سامنے لایا ہے۔

اپنا فرض سمجھا۔ اس لئے ان امور کو اس طرح پیش کیا۔

عدالت العالیہ کا یہ نظریہ ہے۔

وکیل کونسل کا بحث کرنے پر اصرار کرنا فرائض وکالت سے متجاوز ہے۔

وکلاء یا اہل معاملہ کو اس کی اجازت نہیں دیجا سکتی کہ وہ اجلاس پر بلا کسی پس و پیش کے اعتراض کر سکیں۔

اس طرح کی مخاطبت سے عدالت کا وقار متاثر ہوتا ہے اور عوام میں حکام عدالت کی طرف سے بے وقعتی اور بے اطمینانی پیدا ہوتی ہے جس کو عدالت العالیہ جائز نہیں کہہ سکتی۔

کسی وکیل کا برسر اجلاس کہدینا کہ حکام عدالت بغیر واقعات معلوم کئے مقدمات کا فیصلہ کر رہے ہیں اس کے مترادف ہے کہ وہ صحیح انصاف کرنے کی کوشش نہیں کرتے۔ ایسے الفاظ کو بداطواری نمائش کے دائرہ میں داخل کیا جا سکتا ہے۔

ایسا اعتراض کہ مثل سے واقف ہوئے بغیر تجویز نامنظوری صادر کی جا رہی ہے جو ناانصافی پر منحصر ہوتی ہے۔ جس سے حکام عدالت کے انصاف رسانی پر حملہ ہو تحقیر عدالت کی حد تک پہونچتا ہے۔

تصور یہ ہے کہ حاکم عدالت العالیہ وکلاء کونسل سے جس طرح چاہے مخاطبت کر سکتا ہے۔ خواہ اس کی توہین تذلیل بھی کیوں نہ ہوتی ہو۔ اس کو ضبط و تحمل سے کام لینا چاہیئے۔ اس کی جانب سے احتجاج یا چارہ کار قانونی اختیار کرنے کے ارادہ کو ظاہر کرنا تحقیر عدالت ہے۔

میرا اپنا کہنا ہے کہ بار کا کردار بھی دیانت۔ صداقت۔ نظامت فرض شناسی کے ساتھ شریفانہ ہو۔ اور بنچ اپنے کردار کو اوس سے کمتر نہ ظاہر کرے۔ اور وہ طرز عمل اختیار کرے جس کی وہ بار سے توقع رکھتا ہے۔ ورنہ عدالت کی جگہ عدل و انصاف کی فضاء قائم

نہیں رہ سکتی۔

میرے احساسات اور نظریئے کو میں نے اپنے بیانات اور مختلف درخواستوں میں صراحت سے ظاہر کیا ہے۔ بیانات مورخہ ۱۰ ربیع الثانی ۱۳۵۴ھ بالخصوص دیکھے جائیں۔

عذرات بخدمت شاہانی و نگرانی میں بھی ان کو اس طرح پیش کیا گیا ہے ہر فریق کا یہ قانونی اور آئینی حق ہے کہ حکامان عدالت العالیہ کے روبرو خود یا اپنے وکیل یا کونسل کے ذریعہ مباحث واقعاتی و قانونی پیش کرے۔ اور ان مباحث کو سماعت کرکے ان کا تصفیہ از روئے ضابطہ و قانون و انصاف کرنا حکامان عدالت العالیہ کا عین فرض منصبی ہے۔ اس سے انکار عدل و انصاف کی تذلیل ہے کوئی عدالت کسی کو اس حق سے محروم نہیں کر سکتی۔ اور نہ کوئی وکیل یا کونسل بحث کرنے سے ممتنع کیا جا سکتا ہے۔

حاکم عدالت کے کسی ذاتی فعل کے نسبت۔ اوس کی غلطی یا بیجا رعایت کی جانب جو شرافت و قانون کے دائرہ سے ٹلا ہوا ہو توجہ دلائی جائے یا اوس کے خلاف احتجاج کیا جائے تو وہ عدالت کی تحقیر نہیں نہیں سمجھی جائیگی۔

نیابت شاہی کے فرض کے ادائیگی کے وقت کسی حاکم کو عدل و انصاف کے مجبوض اپنے مخاطبین کو ذلیل و رسوا کرنے کا استحقاق حاصل نہیں ہے۔ اور اگر وہ اس طریق سے کوئی عمل خلاف تہذیب و اخلاق و قانون کرے تو ان ولایت میں یہ متصور ہوگا کہ وہ اس وقت بحیثیت نائب شاہی معدلت گستری کے فرائض کے ادائی

میں مصروف نہیں ہے۔

حکامان عدالتی پر فرض ہے کہ قبل اس کے کہ وہ دوسروں سے (DISCIPLINE) آئین و ضابطہ و قانون کی پابندی کے متوقع ہوں خود ان کے مطابق عمل پیرا ہوں۔

تصفیہ عدالتی کے لئے تحقیقات لازمی ہے۔ جلسۂ انتظامی عدالت العالیہ کے ارکان پر فرض ہے کہ دیانت، صداقت، راستبازی سے باضابطہ تحقیقات کرائے جانے پر آمادگی ظاہر کریں۔ اگرچہ کہ اس کا اثر ان کے ہم جلیسوں پر پڑتا ہو۔ اس کے خلاف عمل اصول عدالت کے مغائر ہوگا۔

پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کی خواہش ہے کہ مجھے تنبیہہ دی جائے۔ میں نے کہا ہے کہ ان حالات میں سند معطلیہ عدالت العالیہ واپس کردوں گا۔ عدالت العالیہ کا جو طرز عمل رہا کہ بلا تحقیقات خلاف آئین و عدل و انصاف پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کو ان کے تحریر و بیان کے قانونی ذمہ داری سے بچا لیا جائے۔ اور مجھے مورد الزام قرار دیا جائے۔ اس کے مدنظر اپنی خودداری کا خیال کرتے اس کے سوا کوئی چارہ میرے لئے نہ تھا کہ اپنی سند حوالۂ عدالت العالیہ کردوں۔ عدالت العالیہ کا فعل میری وکالت نہ کرنے کا باعث ہوئی ہے ماوکلا کی ذمہ داری اخلاقاً قانوناً و انصافاً عدالت العالیہ کے ارکان پر ہے۔

دوسری تجویز ثانی بلا سماعت داخلدفتر کردی گئی۔ پہلی تجویز ثانی کے وقت میں نے جو کہا۔ اس کا خلاصہ یہ ہے۔

"پنڈت لکشمن ریڈی صاحب نے میری نسبت یہ تحریر کیا ہے
(۱) میں نے ناشائستہ۔ مخرب اخلاق و تہذیب گفتگو کی۔
(۲) تضیع اوقات عدالت کیا۔
(۳) دوسرے مقدمات میں بھی اسی طرح میں نے ناشائستہ لاطائل گفتگو کی۔
(۴) سینئر کونسل ہونے کی حیثیت سے مجھے یہ خیال پیدا ہو گیا ہے کہ میں ایسے مقدمات میں کونسل مقرر ہو کر تضیع اوقات عدالت کر سکتا ہوں جس میں کسی قسم کی امید نہیں ہوتی اور جس میں جونیئر کونسل تو کجا کوئی سر برآوردہ وکیل بھی بحث کرنے کی ہمت نہیں کرتا"

اگر یہ سچ ہے تو میں اس قابل نہیں کہ حیدرآباد کی عدالتوں میں وکالت کروں۔ لہٰذا جیسا میں نے پہلے کہہ دیا ہے۔ اپنی سند وکالت واپس کر دینا چاہیئے تھا پنڈت لکشمن ریڈی صاحب سے اس کو ثابت کرایا جاتا اور باضابطہ تحقیقات کے بعد تجویز صادر کی جاتی۔ مگر حلقۂ انتظامی نے قانونی قیاسات و تاویلات سے کام لے کر پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کو ادائی ثبوت کے فرض سے بے نیاز کر دیا۔ اور مجھے مورد الزام ٹھہرایا۔

نقل تحریر دینے میں پہلے تامل تھا۔ بہ مشکل وہ دیگئی۔ میں نے استدعا کی۔ پنڈت لکشمن ریڈی صاحب طلب کئے جائیں۔ اور ان سے ثبوت پیش کرایا جائے۔ ملاحظہ ہو کس طرح یہ طے کیا گیا کہ اس کی ضرورت نہیں۔

(۱) یہ قرار دیا گیا کہ تحریر کا ایک جزو ان واقعات سے متعلق ہے

جو پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کے مشاہدے میں آئے اور دوسرے خارج از مشاہدہ اور سماعی امور سے

جزء اول ہی کی حد تک کارروائی کو محدود رکھا گیا۔ جزء دوم کے متعلق یہ طے کیا گیا کہ وہ موضوع بحث میں نہیں ہے۔

(۲) شکایت ہے پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کو۔ مولوی عبدالحمید خاں صاحب کو نہیں۔ تجویز کی جاتی ہے۔ پنڈت لکشمن ریڈی صاحب نے بحیثیت سینئر جج رپورٹ کی جس کا نہ اندراج ہے نہ اوس حیثیت سے مولوی عبدالحمید خاں صاحب کے اختلاف کے بعد پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کوئی تحریک کرنے کے مجاز تھے۔

(۳) یہ تسلیم ہے قدرتی انصاف کا تقاضا ہے کہ اگر کسی کے نسبت شکایت کی جائے تو بعد اخذ ثبوت و تردید تجویز صادر ہونی چاہیئے لیکن تاویل یہ کی گئی کہ چونکہ یہ کلیہ ذاتی شکایت سے متعلق ہے پنڈت لکشمن ریڈی صاحب نے بحیثیت جج شکایت کی ہے لہذا کسی ثبوت و تردید کی ضرورت نہیں۔

(۴) یہ رائے ظاہر کی گئی کہ جو امر مشاہدہ جج میں آجائے اوس کی نسبت اس کی تحریر کافی ہے کیونکہ قیاس یہ ہوتا ہے جج کی تحریر صحیح اور صداقت پر مبنی ہوتی ہے۔ از روئے قانون ایسے بیان کی حیثیت محض واقعہ متعلقہ کی ہے جس کو مثل دوسرے واقعات ثابت کیا جانا چاہیئے۔ اور ان کی تردید ہو سکتی ہے۔ لیکن جلسہ انتظامی نے اوسے قطعیت دیدی۔

(۵) پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کے جملہ کو چھوڑ۔ میرے تحریر کردہ

جملے ہی کی بناء پر مجھے قابل تنبیہہ قرار دیا گیا۔ کیونکہ میرے خود کے بیان کے لئے کسی ثبوت کی ضرورت نہیں۔ اس سے زیادہ آسان طریقہ کون سا ہو سکتا ہے؟

پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کا جملہ تھا "میں نے کہا" بحیثیت سینیر کونسل میں جانتا ہوں حکام کس لیاقت سے کام کرتے ہیں!!

میں نے یہ لکھا ہے " اس معنی میں حکام بھی تیار نہیں ہوتے مثل سے واقف نہیں ہوتے"

بطور واقعہ یہ دو جداگانہ چیزیں ہیں۔ مفہوم و منشاء بھی دوسرا نکلتا ہے

(۶) یہ رائے بھی ظاہر کی گئی کہ مقدمہ کی نسبت معزز اراکین جلسۂ متفقہ کا طرز عمل صحیح ہے یا غلط۔ اس کے نسبت اظہار خیال اس جلسہ کے دائرہ اختیارات سے خارج ہے۔

جلسہ انتظامی نے یہ اور کیلئے قائم کئے جو غور طلب ہیں۔ جن کی بناء پر میرے طرز عمل کو بداطواری فاش۔ اور مجھے قابل تنبیہہ قرار دیا گیا۔

(۱) درخواست تحت دفعہ ۲۴۷ قانون عدالت العالیہ کے نسبت استحقاقاً بحث نہیں کی جا سکتی۔

(۲) خود وکیل یا کونسل کا بحث کرنے کے لئے اصرار کرنا فرائض وکالت سے متجاوز ہے۔

(۳) حاکم عدالت کے کسی فعل پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا۔ ورنہ وقار عدالت کو صدمہ پہونچتا ہے۔ اگر اوس کا عمل صحیح بھی نہ ہو تب بھی چونکہ حاکم عدالت العالیہ بحیثیت نائب شاہی نشست کرتا ہے

اس لئے اوس پر اعتراض درست نہیں۔ اگر کیا جائے تو وہ تحقیر عدالت متصور ہوگا۔

(۴) اگر وکیل یا کونسل حاکم کے کسی فعل عمل کے نسبت یہ خیال کرے کہ اوس سے موکل کے حقوق کی حفاظت ممکن نہیں تو وہ مستعفی ہو جایا کرے۔

(۵) جج جس طرح چاہے وکیل کونسل سے مخاطبت کر سکتا ہے۔ اگر وہ نامناسب اور قابل اعتراض بھی ہو تب بھی اوس کو ضبط و تحمل سے کام لینا چاہئے۔ احتجاج بر سر اجلاس جائز نہیں۔

انصاف کا اقتضا یہی تھا کہ معزز حکام عدالت العالیہ کم از کم میری استدعا کی بنا پر پیشگاہ خداوندی میں معروض گزرانتے جبکہ خود ان کو یہ امر تسلیم ہے کہ بارگاہ خداوندی سے کمیشن کے ذریعہ تحقیقات کا حکم صادر کیا جا سکتا ہے۔ لیکن خود کو مجاز تجویز قرار دیا گیا۔

وجہ ظاہر ہے میں کیا عرض کروں۔

معزز حکام اس سے واقف ہیں کہ میرے مطمح نظر ہمیشہ یہ رہا ہے کہ ملک میں بنچ و بار کا عزو وقار قائم رہے۔ اس وقت بھی یہی چاہتا ہوں کہ عدالت العالیہ کی شان و مرتبت اعلیٰ ہو۔ جیسا میں نے اپنے بیان مورخہ ۱۰ ار دسمبر ۵۴ء میں بتلایا ہے۔

چند اصولی باتوں کی جانب توجہ دلاتا ہوں۔

معدلت گستری کا فرض اہم ہے بنچ و بار کو دیانت، صداقت

راستبازی۔ ہمت و جرأت سے اپنے فرائض انجام دینے چاہئیں رعایا و برایا کے جان و مال و آبرو کی حفاظت کا کام اون کے تعلق ہے۔ ان کی لغزشوں اور بدعنوانیوں کا اثر نہایت ہی مضرت رساں اور دوررس ہوتا ہے۔ لہذا اون پر لازم ہے کہ ادائی فرائض میں صبر و متانت و اخلاق سے پیش آئیں۔ بار بنچ کی عزت کرے اور بنچ بار کا لحاظ کرے۔ اور دونوں عدلیہ کے استحکام کا باعث ہوں۔ یہ محسوس کیا جائے کہ کوئی کسی سے کمتر نہیں۔ یہ تفریق اور مدارج جو قائم کئے گئے ہیں وہ محض اس لئے ہیں کہ خوش اسلوبی سے فرائض کی انجام دہی ہو۔

یہ سلسلۂ کار عدالتی عدل و انصاف کے تصورات کو پیش نظر رکھا جانا چاہئے۔

اہل معاملہ کو اپنے کردار۔ بول چال سے مطمئن قلب کرنا بھی حکام عدالت کے عین فرائض میں داخل ہے۔ اس میں کمی فضاء کو مکدر کر دیتی ہے۔

عدالت دادخواہی کے لئے ہے۔ جو دادرسی کے لئے آتا ہے اوس کو اس کا موقع ملنا چاہئے کہ وہ کھلے دل سے کہے سنے یہ نہ ملنے کی صورت میں اوس کی تشفی نہیں ہو سکتی۔ اور اس کو یہ خیال کرنے کی گنجائش رہتی ہے کہ انصاف کا دروازہ اوس کے لئے بند کر دیا گیا لہذا اس کی اشد ضرورت ہے کہ فضاء ایسی قائم رکھی جائے کہ بار اپنے مباحث کو نہایت آزادی سے بنچ کے سامنے پیش کر سکے۔ اور بنچ صبر و متانت سے اون مباحث کی

سماعت کرکے اپنی تجویز صادر کرے۔ اس کے برعکس طرز عمل اختیار کیا جائے۔ حاکم عدالت۔ فریق یا اوس کے وکیل یا کونسل کو آزادی کے ساتھ مباحث نہ پیش کرنے دے یا اون کی سماعت نہ کرے یا مباحث پیش شدہ کا بلحاظ روئداد مثل تصفیہ نہ کرے۔ اور اگر اس امر کی جانب فریق یا وکیل کونسل توجہ دلائے اور دادرسی کا خواہاں ہو تو اس کو تحقیر عدالت کا مرتکب قرار دیا جائے تو ظاہر ہے اس کا نتیجہ مفید نہیں برآمد ہو سکتا اور نہ ایسی حالت میں انصاف رسانی ممکن ہے۔ اور نہ ہی بنچ و بار میں کام کرنے کی صلاحیت و قابلیت پیدا ہو سکتی ہے۔ اور نہ ایسی صورت میں اہل ملک کو عدالت کے نصفت پسندی کے متعلق اطمینان حاصل ہو سکتا ہے۔ جہاں اس قسم کے حالات ہوں۔ انسانیت اور تن آسانی کی فضاء کا پیدا ہونا لازمات سے ہے۔

حاکم وکیل کونسل اہل معاملہ سب انسان ہیں۔ اچھائی برائی ہر ایک میں ہے۔ اخلاق شرافت، جرأت، کی ہر شخص کو ضرورت ہے۔ اظہار تکبر ہر ایک کے لئے برا ہے ان امور کا احساس حاکم عدالت کو ہونا چاہیے۔ اس کا ہر قول و فعل اپنے میں دور رس اثرات ظاہر و پنہاں رکھتا ہے اوس کا ایک ایک لفظ اوس کی ہر ادا حرکت کسی کے توقیر کسی کے توہین۔ تذلیل کا باعث بن سکتی ہے۔ بنا اوس کے لئے ضروری ہے کہ صبر و متانت، سنجیدگی۔ شرافت سے گفتگو کرے۔ بار سے بڑھکر فضائے عدالت کو پاک و صاف رکھنے کی ذمہ داری بنچ پر ہے۔ اپنے جوش وکالت میں ممکن ہے وکیل یا کونسل کچھ

کمد سے جو مناسب حال نہ ہو۔ یہ نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ لیکن حاکم عدالت اپنے عہدہ عدل و انصاف سے نہ ہٹے۔ اوس پر فرض ہے کہ وہ اپنے منصب جلیلہ کی عزت کرے۔ جو اس لئے نہیں ہے کہ اوس جگہ سے دوسروں کی تذلیل کی جائے۔ جو حاکم یہ فریضہ انجام نہ دے اور وہ نیک کردار کا حامل نہ ہو تو اوس کو چاہئے کہ وہ خود مستعفی ہو جائے۔ ورنہ اس کو ہٹایا جائے۔ اگر تنہا ہے تو عدیہ کی نیابت الزبتہ۔ اور عدل و انصاف کے تصور میں فرق نہ آنے پائے۔

جو شخص اپنے منصب جلیلہ کی خود اپنے کردار۔ اپنے بول چال اپنے طرز عمل سے تذلیل کرتا ہے اوس سے اوس توقعات کا پورا ہونا ممکن نہیں جو اس سے بحیثیت نائب شاہی و حاکم عدالت وابستہ کئے جاتے ہیں۔ ایسے شخص کا ایسی جگہ فائز رہنا۔ رعایائے ملک کے لئے بعیوض مفید ہونے کے مضرت رساں ثابت ہوتا ہے

مجھے درد تعجب ہے اور افسوس بھی۔

ـــ کے سلسلہ میں عدالت کو اوس۔

جانب متوجہ کرتا ہوں۔ اوس کو زبان درازی تحقیر عدالت۔ بدگوئی فاش قرار دیا جاتا ہے۔ حاکم عدالت نے جو مجھ پر بیجا اتہام لگایا اس کے نسبت اپنے نیک نامی کی خاطر چارہ کار قانونی اختیار کرنے کے ارادے کو ظاہر کرتا ہوں تو وہ تحقیر عدالت متصور ہوتا ہے۔

چاہتا ہوں عدالت العالیہ کا عزت و وقار قائم رہے۔ حکام جادۂ عدل و انصاف سے بھی نہ ہٹیں۔

میرا اب یہ کہنا جرم میں داخل ہے۔

لیکن ابتدائے وکالت سے اس وقت تک میں نے بیخ و بار کے ساتھ یہی نصب العین رکھا۔ اور کیا کہوں؟ آخر لمحہ زندگی تک میری زبان سے۔ دل کے گہرائیوں سے یہی جملے نکلیں گے۔

یہ میرا نظریہ ہے جس ملک میں عدلیہ کی فضاء پاک صاف نہ ہو حکام کے کردار نیک و شریفانہ نہ ہوں۔ اون میں اپنے منصب جلیلہ کا وقار قائم رکھنے کی صلاحیت نہ ہو۔ اوس کی رعایا کو چین و آرام نہیں نصیب ہو سکتا۔ یہ حقیقت ہے جہاں دیانت۔ صداقت۔ عدل و انصاف کا فقدان ہو اوس جگہ کا خدا ہی حافظ ہے۔

مولوی مرتضےٰ خاں صاحب نے میری ذہنیت کے نسبت اظہار خیال فرمایا ہے۔

بیانات کے چند اجزا سے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ میرا منشاء تحقیر عدالت ہے نہ توقیر اسکی کیا کہوں؟ میری ہی بیانات کے چند اجزا سے مولوی مرتضےٰ خاں صاحب نے میری ذہنیت کے متعلق یہ تعبیر کی ہے کہ وہ وہ نہیں ہے۔ جو میں اپنی زبان سے کہتا اور قلم سے تحریر کرتا ہوں تعبیر کی حیثیت اصل واقعہ کی ہو جائے۔ تو پھر کیا کہنا۔؟ مولوی مرتضےٰ خاں صاحب مانیں یا نہ مانیں۔ میرے خیالات و احساسات وہی ہیں جو میں نے ظاہر کئے ہیں۔ میرا منشاء مفہوم وہی ہے جو میں نے لکھا ہے۔ ہر معنی میں توقیر عدالت کا خواہشمند ہوں۔ لیکن یہ اسیوقت حاصل ہو سکتی ہے جبکہ حکام عدالت العالیہ کا کردار اعلیٰ اور ان میں صفت پسندیدہ ہو۔

اس کے بغیر اوس کا امکان نہیں۔ حکام کی بدکرداری وقار عدالت

کو صدمہ پہونچاتی ہے۔ اور وہ بخود عدالت کے تحقیر کا باعث بنتی ہے
دوسروں پر اس کی ذمہ داری نہیں ڈالی جاسکتی۔
اس سلسلہ میں میں نے اپنا بیان مورخہ یکم اردی بہشت ۱۳۵۴ ف
بھیجا پڑھا جو قابل ملاحظہ ہے۔
بہر حال یہ ہے خلاصہ میری دو روزہ بحث تجویز ثانی کا
اس سے اندازہ فرمایا جائے کہ اس وقت میرے پاس از راہ کرم
احباب نے جو پیغامات ارسال فرمائے ہیں کہ میں اپنے طور پر وکالت
پھر سے شروع کروں اس پر میرا عمل پیرا ہونا صحیح ہوگا۔ یہ مناسب
حال ہوگا کہ عدالت العالیہ کے تعلق سے میرے لئے یہ تحریر کیا جائے
"تمت بالخیر"
جس کی ابتدا عدلیہ نے کی اوس کو عامہ نے انتہا تک پہونچایا۔ مجھ
پر یہ اتہام لگایا کہ میں غلط مفروضات کی بناء پر مسائل کو پیش کر رہا
ہوں۔ اور میرا مقصد عوام کو مغالطہ دینا اور پریشان کرنا ہے۔ اگر یہ
سچ مانا جائے تو میں اس قابل نہیں کہ اہل ملک مجھ پر اعتماد کریں اور
کسی قسم کی توقع مجھ سے رکھیں۔ اس حربہ کے مقابلہ میں میرا چپ
ہونا لازم ہے۔ جس کی تمام عمر میں نے خدمت کی ہے جس
کا بھلا چاہتا ہوں اوسی کو مغالطہ دینے اور پریشان کرنے
کا مجھ پر الزام ہے۔ چنانچہ اپنے رخصتی بیان مورخہ ۸ تیر ۱۳۵۴ ف
میں میں نے یہ عرض کیا:۔
چیلنج قبول ہے..... اب حیدرآباد میں میرے رہنے کے لئے
نہ موقع ہے نہ گنجائش..... رہکر کیا کروں.....

لیکن ..... میں نے جو کہا ہے وہ مفاد ملک .....
فلاح و بہبودی رعایا۔ استحکام اقتدار شاہی کی خاطر کیا ہے۔ اس پر
قائم ہوں۔ اس کا ہر لفظ صحت پر مبنی ہے۔ اور اس کا ہر جذبہ صداقت
پر ہے۔"

یہ تو میرا کہنا ہے۔
لیکن جس کی خدمت منظور ہے۔ اوس طرف سے نہ اظہار اعتماد ہے
نہ خواہش مذمت لینے کی۔
لہذا اس سکوت کے مد نظر نقد ہجرت نہ کروں تو کیا کروں؟
کجروی تو دیکھی جا سکتی نہیں۔ دور ہی رہنا بہتر ہے۔
اس سلسلہ میں جو امور ظاہر و واقع ہوئے اوس کا نوٹ متعاقب
تحریر کرونگا۔ اس کوتی الوقت یہاں ختم کرتا ہوں۔
۱۵ ار اسفندار ۱۳۵۵ ف

سری کشن

میری کہانی میری زبانی

جزء دوم

میرا رخصتی بیان وسط تیر ۵۴ف میں شائع ہوا۔ جن لوگوں کو مجھ سے محبت تھی وہ ملے۔ اظہار رنج و افسوس کیا۔ ہمدردی ظاہر کی حیدرآباد نہ جانے کے متعلق اپیل کی۔ ہر شخص کیا کہا بالتفصیل اوس کا بیان مشکل ہے۔ خلاصہ عرض کروں گا۔

اخبارات میں پنڈت رامچندر راؤ صاحب۔ پنڈت نارائن راؤ صاحب۔ مولوی حسن الدین صاحب مولوی احمد عارف صاحب نے اپنے خیالات ظاہر فرمائے۔

پنڈت رامچندر راؤ صاحب نے یہ تحریر فرمایا:۔

"رائے صاحب کی پبلک زندگی اس قدر بے لاگ رہی ہے کہ جس امر کو نیک نیتی سے مبنی بر صداقت سمجھتے رہے۔ اس کے اظہار میں کبھی کوتاہی نہیں کی۔ بہت سے مواقع ایسے بھی آئے کہ اگر وہ چاہتے تو سرکاری اعلیٰ ملازمت میں بآسانی کبھی کے داخل ہو سکتے۔ مگر اونہوں نے ملازمت اور ذاتی منفعت و اقتدار کے مقابل میں وکالت اور خدمت ملک کو ترجیح دی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اب بھی اگر امتحان کا

وقت آجائے تو رائے صاحب اپنے ملک کی نیک نامی و خدمت گزاری میں سب سے پیش پیش رہکر ہر طریقہ سے ایثار سے کام لیں گے ..... ملک کے ایسے دیرینہ و تجربہ کار پیوں کا ترک وطن کرنے کا تہیہ کرلینا اہل ملک کی بڑی بدقسمتی ہے"

پنڈت نارائن راؤ صاحب نے لکھا

"سری کشن صاحب کا بیان بے لاگ ہوتا ہے ہمیشہ راستبازی راست گفتاری ان کے ملحوظ خاطر رہی۔ راستی کے مقابلہ میں کسی فرد کی شخصیت کی انہوں نے پرواہ نہیں کی۔ موصوف کا ترک وطن کرنا ملک کا ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ ہم موصوف سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اپنے فیصلہ پر دوبارہ غور فرمائیں"

مولوی حسن الدین صاحب کا یہ تبصرہ ہے

"رائے سری کشن صاحب ان چند ایک کارکنوں میں سے ہیں جو فرقہ وارانہ کی مسموم فضا سے متاثر نہیں ہوئے۔ اور جو حیدرآباد کے مسائل کو حیدرآباد ہی کے نقطہ نظر سے دیکھنے کے عادی رہے ہیں گرچہ رائے صاحب ہندو ہیں لیکن انہیں دیگر مذاہب کے پیروؤں سے کوئی بغض و عناد نہیں۔ ازل کی وسعت نظر اور رواداری کا ہر شخص معترف ہے۔ اگرچہ ان کی سیاسیات ترقی پسند رجحانات کی حامل ہے۔ بہرحال ہم انہیں ذات شاہانہ اور خانوادہ آصفی سے گہری عقیدت ہے ..... سری کشن صاحب نے حیدرآباد کے مسائل کو کبھی ہندو یا مسلم نقطہ نظر سے نہیں دیکھا"

ہم ان حضرات سے متفق ہیں جو یہ چاہتے ہیں کہ رائے صاحب کو بہرحال

روک لینا چاہئے۔ اگر ایک ایسا شخص جو ملک و مالک سے عقیدت و محبت کرتا ہو ترک وطن پر مجبور ہو جائے تو حیدرآباد کی پبلک زندگی پر ایک بدنما دھبہ ہوگا"

مولوی احمد عارف صاحب نے یہ رائے ظاہر فرمائی :۔

"سری کشن صاحب ملک کے قدیم خیر خواہوں اور وفاداروں میں ہیں۔ اور ان کا شمار ان حیدرآبادیوں میں کیا جاسکتا ہے جو اپنے ملک کا سچا درد رکھتے ہیں۔ اور اوسے زیادہ بہتر حالت میں دیکھنا چاہتے ہیں ..... اون کے مضامین کا مطالعہ اس نتیجہ پر پہونچایا تھا کہ وہ نظم و نسق کو بہتر بنانے کا جذبہ رکھتے ہیں لیکن رخصتی بیان کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مسٹر سری کشن کا سابقہ جذبۂ اصلاح یا تو ختم ہو چکا ہے یا وہ کسی وجہ سے مایوس ہو گئے ہیں۔ اور ترک وطن کا ارادہ کر لیا ہے۔ ہمارے خیال میں دونوں صورتیں اور ان کا یہ نتیجہ قابل تعریف نہیں کہا جاسکتا۔ اہل ہمت اپنے نصب العین کو کبھی نہیں بدلتے۔ اور انہیں بڑی سے بڑی ناکامی مایوس نہیں کر سکتی ..... لہذا اونہیں گریز و فراری کی پالیسی اختیار نہ کرنی چاہئے۔ ہم صاحب موصوف کے اس ارادے سے متفق نہیں ہو سکتے کہ آپ ترک وطن کر کے کہیں اور چلے جائیں آپ کو ترک حیدرآباد کا تصور ہی نہ کرنا چاہئے"۔

مجھے اس کا احساس ہے۔ اور یہی چیز ہے جو باوجود بدسلوکی مجھے اسوقت بھی حیدرآباد سے مانوس رکھتی ہے کہ میرے رخصتی بیان نے بہت سے لوگوں کو متاثر کیا بیچین کیا۔ اور ان کو فی الواقعی اوس سے

وقت آجائے تو رائے صاحب اپنے ملک کی نیک نامی و خدمت گزاری میں سب سے پیش پیش رہکر ہر طریقہ سے ایثار سے کام لیں گے ..... ملک کے ایسے دیرینہ و تجربہ کار پیون کا ترک وطن کرنے کا تہیہ کرلینا اہل ملک کی بڑی بدقسمتی ہے"

پنڈت نارائن راؤ صاحب نے لکھا

"سری کشن صاحب کا بیان بے لاگ ہوتا ہے۔ ہمیشہ راستبازی و راست فعاری اون کے ملحوظ خاطر رہی۔ راستی کے مقابلہ میں کسی فرد کی شخصیت کی اونہوں نے پروا نہیں کی۔ موصوف کا ترک وطن کرنا ملک کا ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ ہم موصوف سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اپنے فیصلہ پر دوبارہ غور فرمائیں"

مولوی حسن الدین صاحب کا یہ تحریر ہے

"رائے سری کشن صاحب ان چند پبلک کارکنوں میں سے ہیں جو فرقہ واریت کی مسموم فضا سے متاثر نہیں ہوئے۔ اور جو حیدرآباد کے مسائل کو حیدرآبادی کے نقطہ نظر سے دیکھنے کے عادی رہے ہیں اگرچہ رائے صاحب ہندو ہیں لیکن انہیں دیگر مذاہب کے پیروؤں سے کوئی بیر و عناد نہیں۔ ان کی وسیع نظر اور رواداری کا ہر شخص معترف ہے۔ اگرچہ اون کی سیاسیات ترقی پسند رجحانات کی حامل ہے۔ برائیں ہم انہیں ذات شاہانہ اور خانوادہ آصفی سے گہری عقیدت ہے ..... سری کشن صاحب نے حیدرآباد کے مسائل کو کبھی ہندو یا مسلم نقطہ نظر سے نہیں دیکھا"

ہم ان حضرات سے متفق ہیں جو یہ چاہتے ہیں کہ رائے صاحب کو ہر حال

روک لینا چاہئے۔ اگر ایک ایسا شخص جو ملک و مالک سے عقیدت و محبت کرتا ہو ترک وطن پر مجبور ہو جائے تو حیدرآباد کی پبلک زندگی پر ایک بدنما دھبہ ہوگا"

مولوی احمد عارف صاحب نے یہ رائے ظاہر فرمائی :۔

"سری کشن صاحب ملک کے قدیم خیر خواہوں اور وفاداروں میں ہیں۔ اور ان کا شمار ان حیدرآبادیوں میں کیا جاسکتا ہے جو اپنے ملک کا سچا درد رکھتے ہیں۔ اور اوسے زیادہ بہتر حالت میں دیکھنا چاہتے ہیں ..... اون کے مضامین کا مطالعہ اس نتیجہ پر پہونچایا تھا کہ وہ نظم و نسق کو بہتر بنانے کا جذبہ رکھتے ہیں لیکن رخصتی بیان کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مسٹر سری کشن کا سابقہ جذبۂ اصلاح یا تو ختم ہو چکا ہے یا وہ کسی وجہ سے مایوس ہو گئے ہیں۔ اور ترک وطن کا ارادہ کر لیا ہے۔ ہمارے خیال میں دونوں صورتیں اور ان کا یہ نتیجہ قابل تعریف نہیں کہا جاسکتا۔ اہل ہمت اپنے نصب العین کو کبھی نہیں بدلتے۔ اور انہیں بڑی سے بڑی ناکامی مایوس نہیں کر سکتی ..... لہذا اونہیں گریز و فراری کی پالیسی اختیار نہ کرنی چاہئے۔ ہم صاحب موصوف کے اس ارادے سے متفق نہیں ہو سکتے کہ آپ ترک وطن کر کے کہیں اور چلے جائیں آپ کو ترک حیدرآباد کا تصور ہی نہ کرنا چاہئے"

مجھے اس کا احساس ہے۔ اور یہی چیز ہے جو باوجود بدسلوکی مجھے اسوقت بھی حیدرآباد سے مانوس رکھتی ہے کہ میرے رخصتی بیان نے بہت سے لوگوں کو متاثر کیا بیچین کیا۔ اور ان کو فی الواقعی اوس سے

رنج وملال ہوا۔ جو چیزیں مجھ سے اونہوں نے کہیں اون میں کوئی تصنع نہ تھا۔ وہ اون کے دل کے گہرائیوں سے نکلیں۔ لہذا مجھ پر اون کا اثر ہونا لازم تھا۔ اگر مسئلہ کچھ اور طور پر کٹھن نہ ہوتا اور اوس میں دوسری اصولی چیزیں حائل نہ ہوتیں تو یہ پرخلوص گفتگو میں میرے ارادے کو بدلنے میں کامیاب ہوجاتیں۔ دل کو پگھلا دیتیں کیا کہوں لوگوں نے کیا کہا۔ اپیل کی اعتراضات بھی کئے۔ میں جو کچھ بھی کہتا اوس کا اثر وہ اسی قدر لیتے کہ مانا یہ سب کچھ صحیح۔ لیکن پھر بھی آپ کو نہ جانا چاہئے۔ اور آپ کو جانے کون دیگا؟ اور اون کی آپ نہ مانیں۔ بادشاہ کو آپ کیا کہیں گے؟ وہاں سے آپ کو کیا جانے کی اجازت لیگی؟ جن لوگوں کے کانوں تک حضرت جہاں پناہ کی گفتگو سے باتدبیر کی خبر پہونچی جو سالگرہ کے دربار کے موقعہ پر فرمائی گئی تھی اور جنہیں معلوم ہوا کہ کس طرح حضرت بندگانعالی نے کھلے دربار میں نذریں روک کر مجھے شرف تکلم بخشا اور سرفراز فرمایا اونکو اور تقویت ملی۔ دربار ہی میں مجھ سے بہت سے لوگوں نے پوچھا بھالا۔ نواب ہوش یار جنگ کو تو موقع ملنا ہی نہ تھا۔ وہیں اپنے مخصوص انداز میں ہاتھ ہلاتے ہوئے۔ کہہ اٹھے "اب جاؤ کیسے جاتے ہو دیکھتا ہوں۔ مانتے ہی نہیں پھر تو مشہید یار جنگ بھی بولے۔ "اب تو جا چکے"۔

قدرت الہی کا اس سے اندازہ ہو کہ جب مالک مجازی کی اس مختصر سی سرفرازی نے یہ گل کھلائے۔ ہر سو تبسم کناں لبوں کی یہ حرکت ہے۔ اہل دربار کی نظروں میں میں بہت اونچا ہو گیا۔ مولوی سجاد مرزا صاحب

نواب ہاشم علی خاں صاحب۔ راجہ نرنگ راج بہادر۔ نواب عنایت جنگ بہادر وہیں ملے اور اپنے مسرت کا اظہار کیا۔ اور کون ملے کیا کہوں۔ مختصر یہ کہ ختم ڈنر تک بھی سلسلہ رہا۔ اور ہر شخص یہی خیال کرتا تھا کہ میرے جانے کا مسئلہ منشاء خداوندی کے تحت رفت گزشت ہو چکا۔ یہ ہے خدا کی قدرت چشم زدن میں کیا کا کیا ہو جاتا ہے۔

نواب رحمت یار جنگ۔ نواب مقصود جنگ۔ نواب دین یار جنگ نے بھی کچھ اسی طرح کہا اور سب نے اس کو دہرایا کہ منظور خدا یہی ہے کہ میں حیدرآباد سے نہ جاؤں۔

ارادہ ترک وطن ترک کر دوں۔ اور اپنے شاہ ذیجاہ کی خدمت میں زندگی بسر کروں۔

بہرحال اس کے بعد جہاں میں جاتا جس محفل میں رہتا جن لوگوں سے ملتا وہ یہی کہتے رہتے اور میرے لئے از حد مشکل امر ہو گیا کہ میں ان جملہ مشفقانہ اور مخلصانہ باتوں کا جواب دوں۔ یہ ہی کہتے بنتی کہ حضرت پیر و مرشد کی خدمت کے لئے میں ہر وقت ہر جگہ حاضر ہوں۔ ارشاد ہمایونی جو ہو۔ میں دو نہیں ہزار جان سے قربان۔

یہ امر واقعہ ہے۔ اس کو کس طرح فراموش کیا جا سکتا ہے کہ حیدرآباد میں اگر کسی نے میری کچھ قدردانی فرمائی ہے تو وہ حضرت کی ذات بابرکات ہے۔ میں نے ان کا نمک کھایا ہے۔ ہر رگ و ریشہ میں میرے اون کے ہی فلاح و بہبود کے لئے خون جوش کھاتا رہتا ہے۔ اور اس وقت بھی میں نے جو کیا ہے وہ ذات شاہانہ اور ان ہی کے عزیز ملک اور

رعایا کی خاطر کیا ہے۔ اس سلسلہ میں مجھے جو بھی سہنا پڑے وہ ہزار دل وجان سے منظور ہے۔

یوں تو بہت سے لوگ ملے جنہیں میرے اس آخری پیام نے اپنا ہمدرد بنایا اور بے چین کیا۔ اکثر ان میں سے احباب۔ پہلے کے ملاقاتی۔ شناسائی ور فقائے کار تھے جو کسی نہ کسی حیثیت سے ملتے جلتے رہتے۔ ان کے لئے صرف ذہنی کیفیت کے اظہار کا موقع تھا کہ میری نسبت وہ اب کیا محسوس کرتے ہیں۔ لہذا اونکا ملنا اور کہنا سننا میرے لئے باعث مسرت تھا ضرور مگر وہ کوئی استعجاب کی بات نہ تھی۔ دل کو میرے جس نے اس زمانہ میں بیحد متاثر کیا اور اس امر کا پتہ دیا کہ

. . . . . جہاں کچھ کے کوڑے کا خیال ہوتا ہے۔ وہاں بھی اکثر و بیشتر شریف وجوہر شناس نکل آتے ہیں۔ جہاں شرافت و دیانت کی بو رہی آتی ہے۔ داد بھی ملتی ہے۔ وہ ایک نامعلوم شخصیت تھی جس کے نام سے میں ابھی تک واقف نہیں ہوں۔ صورت ایک ہی مرتبہ دیکھی وہ تھا پٹہ رساں۔ جو اتفاقیہ طور پر اپنے ذاتی فرائض کے سلسلہ میں آیا تھا۔ جب وہ میرے پاس پہنچا۔ میں مصروف کار تھا۔ اوس نے خطوط میز پر رکھدیئے اور میری طرف کچھ عجیب انداز سے دیکھکر کہا آپ سے کچھ عرض کرنا ہے۔ اور ساتھ ہی اوس نے دو ہی جملوں میں اپنے دلی کیفیت کا اظہار کردیا کہ اخبار میں پڑھکر اوسے بہت رنج ہوا کہ میں حیدرآباد سے جا رہا ہوں۔ اور چلتا پھرتا نظر آیا۔ مجھے اوس کے اس جملہ نے سکتہ کے عالم میں ڈالدیا۔ اور میں جہاں کا وہاں مبہوت بیٹھا رہا۔ قلم میرے ہاتھ میں

کاغذ دوات میز پر۔ نگاہیں اوس تصور میں جس میں اس نامعلوم ہستی نے مجھے پہونچا دیا تھا۔

دوسرے صاحب محکمہ پولیس میں۔ شاید اونہوں نے میری گفتگو کچھ سنی۔ اور ممکن ہے پہلے سے بھی وہ مجھ سے واقف ہوں۔ کہنے لگے۔ میں آپ کی کتابیں پڑھنا چاہتا ہوں۔ میں نے کہا آپ نے شاید ابھی یہ سنا ہوگا کہ اوس کے لئے شرط یہ ہے کہ آپ پانچ روپیہ دیں۔ جواب دیا کہ بخوشی یہ رقم ادا کی جائے گی۔ جب سے میں نے آپ کی باتیں سنی ہیں دل میں اشتیاق پیدا ہوا کہ کتابیں دیکھوں۔ آپ نے وہ کام کیا جس کی قدر منزلت سب کو کافی چاہیئے۔ اپنا نام اونہوں نے "حبیب" بتلایا تھا۔ معلوم نہیں کیا کام کرتے ہیں۔

یہ مرد و مونہ تھے۔ خلوص و عقیدتمندی کے لہ دنیا میں اسی کی ضرورت ہے۔

اور کیا کہوں مجھے ان سے مل کر بڑی مسرت ہوئی۔ یہ اون کی عنایت تھی کہ مجھے وہ اس قابل سمجھے۔

نواب نظامت جنگ بہادر کی مجھ پر ہمیشہ بزرگانہ شفقت رہی۔ لیکن اپنے اصول و آئین کا اون سے سنوانا کچھ آسان کام نہیں۔ جب تک وہ اون کے معیار اور پر کھ پر نہیں اوترتے اون کو وہ تسلیم نہ کرتے۔ مجھ سے واقعات دریافت فرمائے۔ پھر دعائیں دیں۔ کہا تم سے یہی توقع تھی کہ شرافت۔ دیانت صداقت کے اظہار کا جب موقع آئے تم سے لغزش نہوگی۔ جیز جو ہوا اوس میں مصلحت ایزدی سمجھو۔ جہاں رہو اچھے رہو۔ اور خدا تمہیں اچھے راستے پر چلنے کی

توفیق دے۔ اور نیت نیک پر قائم رکھے۔ یہاں سے جانے کا
کیوں خیال کیا؟ کیا اس کی بھی تم نے گنجایش رکھی ہے کہ کبھی کبھی حیدرآباد
آسکو یا اپنے کو اس کا پابند کر لیا ہے کہ جا کر کبھی نہ آؤ۔ ایسا نہ کرو۔ بہتر
تو یہ ہوتا کہ یہیں رہئے۔ مجھے بھی بہت سی چیزیں بری معلوم ہوتی
ہیں۔ دیکھکر سنکر تکلیف ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں اپنے کو علیحدہ کر لیا
جائے یہی اچھا ہے۔ باہر جاؤ تو اس کا خیال رکھو کہ ملک کی ٹھوس
خدمت تم سے ہو۔ جو تمہارا مسلک یہاں رہا ہے اوس پر چلو۔ تفرقہ
پردازوں کا ساتھ نہ دو۔ اوس سے دور ہی رہو۔

میری دعا ہمیشہ تمہارے شامل حال رہے گی"

مولوی عظیم الدین احمد صاحب نے بھی اپنے برادرانہ خلوص و محبت
سے اپنے محترم برادر کے طریقے پر پند و نصیحت کی۔ کیا کہوں؟ اونکی
تحریر سے دل مسرور بھی ہوا۔ مغموم بھی۔ حیدرآباد کی فضا کیا
تھی اور اب کیا ہو گئی۔

عنایت نامہ کو ملاحظہ فرمایا جائے۔ بجنسہ درج ہے۔

"۱۸ ستمبر ۵۴ف

بھائی صاحب

تسلیم۔ ایک محلے میں رہے بچے سے بڑے ہوئے بھائیوں کی طرح
گزارے۔ بڑے ہوئے کاروبار سنبھالے۔ ایک دوسرے سے علیحدہ
ہوئے۔ محلے بھی جدا ٹھیرے۔ پہلا ملنا ہے۔ نہ راہ رسم ہے۔ مگر دل
وہی ہے۔ خیالات وہی ہیں۔ یعنی بھائی چارہ قائم ہے۔ جب ملتے
باہمی محبت و خلوص تازہ ہو جاتا ہے۔ اخبار رہبر دکن مورخہ ۱۸ ستمبر ۵۴ف

میں رخصتی پیام پڑھکر رنج ہوا۔ کچھ عرصہ قبل سلسلہ مضامین مندرجہ اخبار دیکھنے میں آئے۔ راجہ رام کے ذریعہ بھیجی ہوئی کتابیں دیکھیں۔ راستبازی سے جو اپنا تھا کوئی کرے تو اس کا کام پورا ہو گیا۔ اس کے بعد کی فکر غیر ضروری ہے۔ اپنا وقت گوشہ نشینی میں بسر کر دینا ہی آجکل بڑا کام ہے۔ گوشہ نشینی کے لئے اپنا گھر بہتر ہے ہجرت ان معاملات میں جائز نہیں۔ یہ خیال بدل ڈالئے۔ امید ہے کہ صحت اچھی ہوگی۔ بفضلہ تعالیٰ میں اچھا ہوں فقط

عظیم الدین احمد

نواب عزیز یار جنگ بہادر جب ملے کہنے لگے مجھے بہت رنج ہوا جو نہیں ہونا چاہئے تھا وہ ہوا۔ عدالت العالیہ ایسی آپ کی بیقدری کرے گی اسکا شان و گمان بھی نہ ہو سکتا تھا۔ بہر حال ملک میں آپ کی بڑی عزت ہے۔ یہاں رہتے تو مناسب تھا۔ آپ کے جانے کا ارادہ سنکر اور افسوس ہوتا ہے۔ مگر خدا کرے کہ آپ نہ جانے پائیں۔

نواب ذوالقدر جنگ بہادر نے شوق سے کتابیں لیں۔ افسوس کیا کہ حالت ایسی ابتر ہو چلی ہے کہا کہ حیرت کا مقام ہے جس کی قدر کرنی چاہئے اوس کے ساتھ یہ بد سلوکی کہ اس کو اپنی سند وکالت واپس کرنی پڑے۔ حیدرآباد سے جانے کے نسبت یہ خیال ظاہر فرمایا کہ یہ ارادہ نہ کرتے تو بہتر ہوتا۔ اس سے رنج ہوتا ہے دعائیں دیں۔ جہاں رہو خدا تمہیں نیک راستے پر چلائے اور شادکام رکھے۔

نواب جیون یار جنگ بہادر نے اسی طریق پر اظہار خیال کیا اور کہا

وطن چھوڑ کر کہاں جاتے ہو۔ یہاں تمھاری عزت سب ہی کرتے ہیں
نواب ناظر یار جنگ بہادر جب کبھی جہاں بھی ملتے یہی کہتے
کہ ابھی تک تم نہیں گئے میں خوش ہوں۔ اور ایسے ہی موانعات
تمہیں جانے سے روکتے جا ہیں۔ تو اچھا یہیں رہو۔ کہاں جاتے
ہو۔ باہر کی حالت کا اندازہ تمہیں نہیں۔ وہاں کے حالات اس
سے کہیں زیادہ ناقص و ابتر ہیں۔ حیدرآباد غنیمت ہے۔ جو چیز یہاں
نصیب ہے۔ وہ باہر نہیں۔ یہ تم کیا لیکر بیٹھے ہو۔ ملک و قوم کی خدمت
اس وقت تم بخوبی انجام دے سکتے ہو۔ ہر طبقہ کا تم پر اعتماد ہے
یہ کام کرو۔

نواب وزیر یار الدولہ مرحوم نہایت خوبیوں کے انسان تھے
بزرگانہ محبت و شفقت سے۔ انتقال کے ۳ ماہ قبل جو فرمایا تھا
وہ اب بھی مجھے یاد ہے۔ واقعات سنکر اظہار افسوس کیا اور کہنے
لگے۔ ہم تم اون قدیم خاندانوں سے ہیں۔ جو اپنے ملک و مالک کی
جان نثاری کو فخر سمجھتے رہے۔ دیانت۔ صداقت۔ شرافت
جن کا شعار رہا۔ اور جن کے پیش نظر اپنی اور اپنے خاندان کی نیکنامی
اور عزت و آبرو کا خیال رہتا۔ جو اپنی زبان کا پاس رکھتے ہیں۔ بہرحال
تم سے جو توقعات تھے تم نے ان کو پورا کیا۔ یہی تمھاری سعادتمندی
ہے۔ خوبی ہے۔ تمھاری قدر کی جانی چاہیئے تھی۔ اوس کے عوض
یہ بدسلوکی کی کیفیت سنکر رنج و ملال ہوتا ہے۔ لیکن یہاں سے
جانا مناسب نہیں۔ جذبۂ جان نثاری جس میں ہو اس کی یہاں
ضرورت ہے۔ دعائیں دیں۔

مولوی احمد مرزا صاحب اور مولوی باقر حسین صاحب بھی ملے خیال ظاہر کیا مجھے جانا نہیں چاہئے۔ یہیں رہکر خدمت انجام دوں ہمارے دلوں میں تمہاری عزت ہے۔ پبلک تمہیں چاہتی ہے۔ تم پر بھروسہ ہے۔ ہر طبقہ کا۔ ہر شخص کا۔

نواب مہدی نواز جنگ بہادر اور اون کی اہلیۂ محترمہ نے مجھے فراموش نہیں کیا۔ میرا رخصتی بیان پڑھا تھا۔ مجھ سے خود واقعات سننا چاہتے تھے۔ ڈنر پر مجھے مدعو کیا۔

مختصر سے احباب کو بھی۔ مسز امیر حسن۔ مولوی علمبردار حسین صاحب اور مولوی قاضی عبد الغفار صاحب کو بلایا۔

مسز امیر حسن کی بزرگانہ شفقت مجھ پر ہمیشہ رہی مجھ سے دریافت کیا اعتراض بھی کیا۔ اور ان کے ہمنوا مسز مہدی نواز جنگ بھی ہوئیں کہ میں حیدرآباد سے کیوں جا رہا ہوں۔ کہیں کوئی اپنا وطن چھوڑ کر دوسری جگہ جاتا ہے۔ یہیں رہکر کام کرنا چاہئے۔ نواب مہدی نواز جنگ بہادر نے بھی اس کی تائید کی۔

مسز مہدی نواز جنگ بہادر نے بالآخر یہ خیال ظاہر کیا کہ اعلیحضرت بندگانعالی نے جو دربار کے موقع پر فرمایا اوس کے بعد جانے کا ارادہ مجھے نہ کرنا چاہئے۔

راجہ پرتاب گیر جی بہادر میرے مخلص دوست اور عنایت فرما ہیں ایک خط تحریر فرمایا اور اپنے جذبۂ محبت کا اظہار کیا۔ میں اون کا ممنون ہوں کہ مجھے اونہوں نے اس قابل سمجھا۔

خط ۵ ہے ارا مرداد ۱۳۵۴ ف کا یہ لکھا ہے

"آپ نے ازراہ کرم اپنے مقدمہ کی تین جلدیں جو مجھے دیں وہ میں نے پڑھیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ کے ساتھ نہایت برا سلوک کیا گیا کون نہیں جانتا کہ آپ کو اپنی صحت کے لحاظ سے لکڑی کے سہارے کی ضرورت ہے۔ اس لئے کسی عدالت میں یا کسی اجلاس پر آپ لکڑی رکھنے پر بھی اعتراض نہ ہو۔ یہ سب جانتے بوجھتے برسر اجلاس۔ وہ بھی چیز اسی کے ذریعہ لکڑی رکھنے کی ممانعت کرنا صاف ظاہر ہے کہ کھلی عدالت میں آپ کی توہین کرنی مقصود تھی۔

. . . . . .

. . . . . .

. . . . . .

جہاں تک مجھے پتہ چلا ہے ان کا منشاء تو یہاں تک ہے کہ آپ کی توہین عدالت کا مجرم گردانکر آپ کی بے عزتی کریں۔

خیر نتیجہ یہ ہو رہا ہے وہ خود بدنام اور ذلیل و خوار ہوئے اور ہو رہے ہیں۔ اور آپ کی توقیر و عزت بڑھ رہی ہے۔ . . . . . معاف کیجئے مگر آپ بھی عقل کے دشمن ہیں۔ توہین آپ کی کس نے کی اور آپ اپنے دل کا بخار کس پر نکالنا چاہتے ہیں مانا کہ راجہ بہادر اور کچھار بڈی نے آپ کے ساتھ برا سلوک کیا لیکن حیدرآباد نے کیا قصور کیا۔ وطن نے کیا گناہ کیا کہ یہاں سے ہجرت پر آمادہ ہو گئے۔ ارے میاں یہاں کا بچہ بچہ آپ سے محبت کرتا ہے۔ آپ کے خاندان کا ثناء گو ہے

حتیٰ کہ اپنا مالک مجازی۔ دکن کا بادشاہ اور ظل سبحانی کے دل صفاء منزل میں بھی آپ کا خیال کتنا متمکن ہے۔ دیکھو نا۔ حضرت پیر و مرشد نے پرسوں عین دربار میں آپ کی خاطر دس پانچ منٹ نذریں رکوا دیں۔ اور آپ کو ہم کلامی کا شرف بخشا۔ کیا ایسے سایہ رحمت کو چھوڑ کر آپ کو کہیں اور ایسا سایہ ملے گا۔ اس لئے بندہ خدا ترک وطن کا خیال ترک کر دو۔ میری سنو نہ سنو مگر خاندان کا تو خیال کرو جس کا ہر فرد آپ کا آشرت ہے۔ ملک و مالک کی خدمت گزاری کو ترک نہ کرو۔ اپنی ذمہ داریوں پر تو دھیان دو۔ یہاں کے لوگوں کے جذبات کی تو قدر کرو اور سب سے بڑھ کر اپنے مالک کے اشارے کو تو سمجھو۔ ضد نہ کرو۔ بچپن نہ کرو کیونکہ

"چہل سال عمر عزیزت گذشت ؛ مزاج تو از حال طفلی نہ گشت"

اپنے گھر کی بات پردیس میں کہاں۔ آپ کے باپ دادا نے یہیں نام کمایا ہے۔ یہیں عزت ملی ہے۔ آبرو بڑھائی ہے۔ اور رشتہ ناتہ جوڑا ہے تو آپ کو بھی چاہیئے کہ اپنے بزرگوں کی پیروی کرو۔

حب وطن از ملک سلیماں خوشتر
خار وطن از سنبل و ریحاں خوشتر

ترک وطن۔ ترک وطن کس کے لئے بھائی۔ صرف دو حضرات کی خاطر!! جن کا نہ کوئی معترف ہے نہ کوئی ثنا خواں جن کے سینہ میں دل ہے نہ جذبات نہ احساس کا مادہ ہے۔ نہ بھلے برے کی تمیز۔ جذبہ اور جوش میں بہت کچھ کہہ گیا۔ بس اب زیادہ کچھ

نہیں - فقط

آپ کا صادق و ہمدرد

پرتاب گیر

کہاں تک کہتا جاؤں کس نے کیا کہا - احباب نے ہر نوع اپنے خلوص و محبت کا اظہار کیا - الفاظ میں کچھ ایر پھیر رہتا لیکن جذبہ وہی -

ان کا شکریہ کس طرح ادا کروں - میری انہوں نے ایسے وقت ہمت افزائی کی ہے جبکہ میرے لئے لغزش کے سامان ہر سو موجود تھے - اور میرا راستہ بھٹکنا کوئی مشکل امر نہ تھا -

پریشان کن اور میرے قدموں کو لڑکھڑانے والی ایک دوسری چیز بھی ہے -

اس کو کس طرح بیان کی جائے -

جب دو تصویریں سامنے آتی ہیں تو جانے کا مسئلہ پہلے ہی سے پیچیدہ اور الجھا نظر آتا ہے -

یہ فطرتی امر - بھلائی اچھی نہیں معلوم ہوتی

جہاں تعلق ہو - اور انتہائے خلوص و محبت کی کشش ہو - جہاں محبت کے صلہ میں معاوضہ نہیں چاہا جاتا -

جہاں خاموشی بلا تصنع بلا تکلف خدمت ہو اور جو اظہار محبت، صلہ محبت ہے -

میرے پیش نظر اصول ہے - اتقائے قول ہے جس سے ٹلنا ممکن نہیں ہے -

ہجرت ضروری ہے -

ادھر محبت کا یہ وار چلتا ہے کیا کروں؟
ظاہر ہے میری بزرگ بھاوج کے لئے یہ صدمہ عظیم ہے۔
اوس کا برداشت کرنا ان کے لئے آسان نہیں۔ خدا توفیق دے۔
صبر دے۔ اور اس موقع پر میں کیا کہہ سکتا ہوں۔؟
اونہیں میری صحت کی فکر ہے اور مجھے ان کے تندرستی کی۔
مگر خدا نے جب یہ کیفیت پیدا کر دی تو کیا کیا جائے۔
بے بسی ہے۔ لاچاری ہے۔
پاس ادب و محبت مانع ہے کہ میں ان کی نسبت کچھ کہوں۔
جاننے والے جانتے ہیں کہ وہ ہستی کس پایہ کی کیا ہے۔
اور میرے لئے وہ ہزار نعمت ہے۔ جس سے جدائی خود ہزار مصیبتوں
کی ایک مصیبت ہے۔

جب سے وہ اس خاندان میں آئیں اوس وقت سے اس عمر تک
ایک ہی جگہ زندگی بسر ہوئی۔ والدین اور بڑے بھائی کے بعد ان
ہی کا پر شفقت سایۂ عاطفت میرے لئے رہا۔ بھائی جتنا چاہتے
اوس سے بڑھکر ہی اس ہستی نے لطف و کرم سے میری پرداخت کی۔
میری رہنما بنیں۔ میری فکروں مصیبتوں کو ہلکا کیا۔ میری ذمہ داری
کو اپنے سر لیا۔ نہ خود ہمت ہاری نہ مجھے ہارنے دیا۔ ایسے شیر
دل کا سہارا مجھے پھر کہاں ملے گا۔ جو خود تکلیف اوٹھائے
مجھے آرام پہونچائے۔ میں نے ان کی ہر بات مانا۔ اوسمیں بھلائی
رہی۔ لیکن اب کچھ ایسی آن پڑی ہے کہ یہاں دم بخود ہو کر رہ جاتا
ہوں۔ کیا کروں؟ یہ بھی نہیں چاہتیں میں جاؤں۔ میں بھی انہیں چھوڑ کر

نہیں جانا چاہتا۔ مگر مسئلہ ہے کٹھن۔ معلوم ہوتا ہے جانا ہی پڑے گا۔ پھر خدا کے ہاتھ میں ہے۔ جو ہو سو ہو۔

ظاہر ہے اس فضا سے بچے بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے

سنارہ میری نواسی ہے۔ وہ بھی میری فکر کرتی رہتی ہے۔

میرے پوتے بادر شاہ کو مجھ سے بے حد انس ہے۔ اوس کی نگاہ الفت مجھے ہی ڈھونڈتی رہتی۔ میرے ساتھ ہی وقت گزارتا۔ سونا اوٹھنا بیٹھنا رہتا۔ بہادر محبتی بچہ ہے۔ خدا نظر بد سے بچائے۔ جب سے یہ مسئلہ چھڑا ہے چند لمحہ کے لئے بھی مجھ سے علیحدہ نہیں ہوتا مجھ پر نظر رکھتا کہ کہیں بلا کہے ہوئے حیدرآباد سے میں نہ چلا جاؤں اس کی بھی فکر رہتی کہ اگر مجھے بالآخر حیدرآباد سے رخصت ہونا ہی پڑے تو پھر کیا ہوگا۔ محبت اوسے ہر سو کھینچتی۔ میرے ساتھ چلے تو ماں باپ چچا بھائی بہنیں نانا ماما سب چھوٹتے ہیں۔ یہاں رہے تو میرا ساتھ نہیں رہتا۔ لہذا ان سب کو چھوڑنا منظور رہے بغیر میرے حیدرآباد سونا نظر آئے گا۔ وہ پسند نہیں ہے۔

کیا کہوں؟ اس بچے کی معصوم عقیدت و رفاقت اپنے میں کیا اثر پنہاں رکھتی ہے کہ مجھے بسا اوقات تڑپا دیتی ہے۔ پریشان حال کرتی ہے۔ سوچتا ہوں کہ کیا کروں۔ اوس کے معصومیت و خلوص کی پر درد اپیل سامنے رہتی ہے کہ میں حیدرآباد سے نہ جاؤں۔

کشن لعل ساوتری پشپا کو میرا جانا پسند نہیں۔ رام لعل ساتھ چھوڑنا نہیں چاہتے۔

مردانہ وار اظہار رحمت ضرور کرتے ہیں۔ مگر دل میں سوچتے رہتے

یہ کیا ہوا۔ وہ خود کیا کریں۔ میرے ساتھ جائیں۔ یہاں رہیں جذبہ محبت کا اون کو میری طرف کھینچتا۔ میں جانتا ہوں وہ نہایت سعادتمند ہیں۔ شریف ہیں۔ فرض شناس ہیں۔ میرا اون پر کامل بھروسہ ہے۔ اور مجھے یقین ہے کہ بفضل خدا وہ سب کو سنبھال کرے چلیں گے۔ اور اپنی سعادتمندی کا پھل پائیں گے۔

شنکر پرشاد بھی متاثر نظر آتے۔ اون کا طریقہ نرالا ہے۔ لیکن چاہتے نہیں کہ میں حیدرآباد چھوڑ کر جاؤں۔ خیال کرتے رہتے کہ یہ مسئلہ کسی طرح حل ہو جائے گا۔ میری تحریر سے کبھی خوش ہوتے کبھی رنجیدہ۔ کچھ اتفاق کرتے کچھ اختلاف۔ انہیں یہ ڈر لگا رہتا کہ کہیں اوس سے مزید پیچیدگی نہ پڑ جائے اور مجھے بالا خر جانا ہی پڑے پاس ادب بہت کرتے۔

بہر حال یہ گھر کے لوگوں کی تمنائیں ہیں۔ چاہتے ہیں کچھ بھی ہو جائے میں حیدرآباد سے نہ جاؤں۔

مجھے جو کہنا تھا وہ کہہ چکا۔ اور اپنے جانے کے نسبت بیان بھی دے چکا۔ عمل صحیح ہے یا غلط یہ جانچنے کا کام بلحاظ حالات میرا نہیں اور وہ کا ہے۔ اعتراضات جو ہیں اون کا کیا جواب عرض کروں۔ یہ میری فراری ہے یا گریز۔ جذبۂ خدمت گزاری ختم ہو چکا یا اصلاح سے مایوسی ہو گئی۔ ہمت ہار گیا ہوں۔ یا نصب العین کو اپنے میں نے بدلا ہے اس کا اندازہ خود ناظرین خود کریں تو مناسب ہے۔

میں تو سمجھتا ہوں میں نے ادائی فرض کیا۔ جس وقت جو مناسب

حال تھا وہ عمل کیا اور عین جذبۂ خدمت گزاری کے تحت کیا۔ اصلاح ہی کی خاطر کیا۔ ہمت دلانے کے لئے کیا۔ نصب العین کو سامنے رکھا۔ راستبازی۔ دیانت۔ صداقت۔ شرافت عدل و انصاف کی جانب توجہ دلائی بتلایا کہ ان پر عمل نہ رہے تو ملک و رعایا کو چین نہیں حاصل ہو سکتا۔ اقتدار شاہی کو صدمہ پہونچتا ہے۔ اپنے قربانی سے چاہا کہ جذبات کو متحرک کروں۔ اور جانتے ہوئے بھی ملک کے کام آؤں۔ کیا یہ میری غلطی تھی؟

یہ بھی ایک قسمت کا کھیل ہے۔

اونٹے چور کو توال ڈانٹے۔

جو امور کی بنا پر ارادۂ ترک وطن کیا گیا اس پر نہ غور ہوا نہ تنقید۔ مجھ ہی سے استفسار ہے کہ کیوں جا رہا ہوں۔ کہا جاتا ہے ارادۂ ترک وطن صحیح نہیں ہے۔ مجھے اس کا تصور بھی نکرنا چاہئے۔

اپنی زبان سے کیا کہوں؟

بہر حال اس کا یہ جواب ہے۔

یہ نہ سوچا کہ رہوں کیسے جب عدلیہ اور عاملہ دونوں نے مجھے اس کے ناقابل قرار دیا۔ اور کوئی یہ کہکر مجھے بلاتا نہیں کہ جو یہ لکھا گیا ہے وہ غلط ہے بیجا اتہام ہے۔ ہم تمہیں اچھی طرح جانتے پہچانتے ہیں۔ اپنا سمجھتے ہیں۔ اور چاہتے ہیں کہ تم یہیں رہو۔ اور ہمارے بھلائی کے کام انجام دیا کرو۔

میں نے کتابیں چھپوائیں ہیں۔ اس غرض سے کہ حقیقت حال سے لوگ آشنا ہوں۔ اور جو نظریہ قائم کیا جائے وہ واقعات

پر مبنی ہو۔ محض خیالی نہ ہو۔ اور دوسری یہ بھی خواہش تھی کہ احباء کو میری یاد دلانے کا ایک مستقل ذریعہ رہے۔

میرے دردِ دل کی داستان ان کتابوں میں تحریر کی ہوئی ہے چاہتا تھا وہ پڑھی جائیں اور کم از کم بلحاظ مسائل وہ اہل ملک کے دلچسپی کا باعث بنیں۔ اور اون پر تنقید بھی ہو۔

لہذا خود اس کی اشاعت کی کوشش کی۔ مگر معلوم نہیں کتنوں نے ان کو پڑھا۔ اور کس نے اون کی قدر کی۔ اور کس نے کس سے کیا کہا۔

اس سلسلہ میں بھی مجھے بہت کچھ تجربہ حاصل ہوا۔ کیا کہوں؟ کس طرح بیان کروں؟ میرے تعلق سے ہر مسئلہ عجیب رنگ لاتا ہے۔ اور ایک دلکش منظر اور قابل عبرت نظارہ پیش کر دیتا ہے۔

کتابیں ہیں تین (۳)

(۱) میرا استعفاء مالی مشاورتی کمیٹی سے۔

(۲) میری تادیبی کارروائی۔

(۳) میری رخصت حیدرآباد سے۔

ہر شخص چاہتا وہ کتاب لے جو اوس کے لئے باعث دلچسپی ہے میری شرط تھی تینوں کتابیں لیجائیں۔ اور وہ بھی بادائی قیمت پانچ روپیہ۔

میری غرض تھی اشاعت۔ ہر محفل میں ہر جگہ جہاں میری شناسائی۔ رسائی تھی میں ان کو پیش کرتا۔ لوگ مجھ سے بھی کہتے

دوسروں سے بھی تذکرہ کرتے۔ سری کشن صاحب نے یہ اچھا مشغلہ نکالا ہے۔ خوب سوجھی کتاب لکھکر منافع کمانے کی۔ جب یہ سنکر آتے۔ رام لعل اور شنکر پرشاد بھی متاثر ہوتے۔ اور کہتے یوں ہی مفت کتابیں تقسیم کر دوں۔

واقعہ یہ ہے۔ میں خود اندازہ کرنا چاہتا تھا دلچسپی کہاں تک ہے۔ کس طبقے کو ہے۔

دنیا ہے پیسہ کی۔ مطلب کی۔ پانچ روپے کچھ زیادہ نہیں۔ دیکھوں مسائل مندرجہ کتب کی خاطر کون اپنے روپے خرچ کرکے پڑھنا چاہتا ہے۔ شاعر نے فطرت انسانی کا خاکہ یوں کھینچا ہے۔

گر بہاں طلبی مفاکہ نیست ٭ گر نہ طلبی سخن دریں است

لہذا مجھے کتابوں کے مفت یا تحفتہً دینے میں تامل تھا۔ میں چاہتا تھا ان کتابوں کی حد تک کوئی استثنائی صورت نہ رہے۔ یوں تو ہر عزیز دوست کچھ مدت میں کتابیں روانہ کرتا تو وہ مناسب حال ہوتا۔ مگر موقع کے اعتبار سے میرا منشاء کچھ اور ہی تھا۔ پھر بھی میرے انتہائی کوشش اور استقلال کے باوجود مجھے اس کے تسلیم کرنے میں ذرا بھی تردد نہیں ہے۔ کہ میں کامیاب نہ ہو سکا۔ چند کتابیں تحفتہً دینے ہی پڑے۔ بعض مجھ سے بھی زیادہ مستقل مزاج ثابت ہوئے۔ کتابیں لیں۔ وعدہ ادائی قیمت کیا میرا تقاضا ہی رہا۔ کتابیں اون کے پاس رہیں۔ معلوم نہیں کہ صرف حصول کتب کی حد تک دلچسپی تھی۔ یا مضامین سے بھی کچھ

النسی رہا۔ خیر اب تو اس کا کوئی علاج ہی نہیں۔ میں نے اپنی شکست مان لی۔

کتابوں کے لینے والوں میں میرے اکثر احباب ہے۔ کسی نے خوشی سے "پانچ روپئے" دئے کسی نے اصرار پر۔ بہرحال کتابیں ضرور لیں۔ قیمت بھی ادا کی۔ میرے پاس ان کے نام نوٹ ہیں۔ اس کی ضرورت اس لئے داعی ہوئی کہ کتابیں ایک ساتھ طبع نہیں ہوئی تھیں۔ قیمت پیشگی وصول ہو چکی تھی۔ بعد طبع دینے کے لئے فہرست کا رہنا ضرور تھا۔ اس کے قطع نظر یہ امر بھی پیش نظر تھا کہ نواب عسکر یار جنگ بہادر نے جو خیال ظاہر فرمایا تھا۔ اس کے مدنظر میں اپنی حفاظت کر لوں اور یہ بتلا سکوں کہ میں نے اپنی چیز اپنوں کی حد تک رکھی۔ کتابیں حیدرآباد والوں کو ہی دی۔

یہ بھی رہا۔ دینے والوں نے رقم دی۔ لیکن مجھ تک وہ پہونچی نہیں۔ کچھ تو میری غلطی اپنا بوجھ دوسرے پر ڈالدیا اور پھر یہ تو پرانا قصہ ہے چھن چھن جب ہاتھ میں پڑے تو دل میں دھڑکن پیدا ہوتی ہے۔ نیت بدل جاتی ہے۔ قبضہ دلیل الملکیت کا مصداق ہو جاتا ہے۔ خیال ہوتا ہے محنت کا صلہ بھی ملنا چاہئے۔ شاید ملتا بھی وہ ایسے۔ مگر صبر کہاں؟ خیر کوئی ہرج نہیں۔

کتابوں کے نہ لینے والوں کے سلسلہ میں جو نفسیاتی تجربہ ہوا وہ بھی دلچسپ ہے۔

کتابوں پر جب نظر پڑتی تو پہلے کہا جاتا مجھے بھی عنایت ہو۔ یا جب میں اون کو پیش کرتا تو مجھے جواب ملتا۔ میں اسے ضرور پڑھونگا

میں نے اخبارات میں دیکھا ہے۔ کیفیت سنی ہے۔ آپ کے حق میں بڑی ناانصافی ہوئی ہے۔ یہ لوگ آپ کی کیا قدر کر سکتے ہیں۔ یہی چاہئے تھا آپ نے خوب مقابلہ کیا۔ آپ نے جو کیا وہ بالکل ٹھیک ہے وغیرہ۔ یہ سب صحیح۔ مگر آپ ہمیں چھوڑ کر کیسے جاتے۔ آپ کو جانا نہیں چاہئے۔ آخر ملک نے کیا قصور کیا ہے یہاں پر کون کام کرے گا۔ آپ جیسے مخلص آزاد منش خیال شخص کی ضرورت ہے۔ اہل ملک آپ کو کبھی نہ جانے دیں گے۔ وغیرہ وغیرہ

میری جانب سے جب مطالبہ پانچ روپیہ کا ہوتا۔ تو پھر یہ جوشیلی تمہید کچھ ٹھنڈی پڑ جاتی۔ بعض کے لئے اپنے ہی قائم کردہ جال سے نکلنا دقت طلب ثابت ہوتا۔ مجبوراً وہ لے ہی لیتے۔ مگر سودائے نقد کے عوض معاملہ ادھار پر رکھتے۔ بعض اوس حالت میں بھی ٹال جاتے۔ ایک دوسرا طریقہ بھی اختیار کیا جاتا۔ اظہار ہمدردی و واقفیت کے ساتھ عذر عدیم الفرصتی کا پیش ہوتا۔ کیا کروں بالکل فرصت نہیں ہے۔ دیکھئے میز پر کتابوں کا تودہ ہی تودہ پڑا رہتا ہے دن بھر آنکھ اوٹھا کر دیکھنے کی فرصت نہیں ملتی۔ اور پھر جو اوس میں لکھا پڑا ہے۔ اوس کا خیال رہتا ہے۔ یوں لیکر محض کتابوں کو الماری میں رکھ دینا مجھے پسند نہیں ہے۔ میں کہتا شکریہ آپ کا جب آپ کو پڑھنے کی فرصت نہیں تو دیکر کیا کروں۔ لہذا رخصت۔

بعض ہمدردی کا اس طرح اظہار کرتے۔ آپ کے اخراجات بہت ہوئے ہوں گے میں آپ کے خیالات سے واقف ہوں۔ آپ نے بلا شک و شبہ خوب لکھا ہوگا۔ کتابیں آپ کو دوسروں کو

دینے کے لئے کام آئیں گی۔ لہٰذا میری طرف سے یہ پانچ روپے قبول کیجئے۔ کتابیں رہنے دیجئے۔" شکریہ ادا کرنے میں خاموش ہو رہتا۔ کبھی کبھی یہ میری زبان سے نکل جاتا مجھے آپ کے چندے کی ضرورت نہیں بفضل خدا میں نہیں تو اب بھی میرے کرم فرما ایسے ہیں جو میرے تصنیفات کو چھپوا کر مفت بھی تقسیم کرا دیں، میں تو قدر دان پڑھنے والوں کی تلاش میں ہوں۔

یہ ہے دنیا جہاں مختلف نوع کے خیالات و جذبات کا اظہار وقت کے اعتبار سے ہر شخص اپنے اپنے قائم کردہ نظریہ کے تحت کرتا رہتا ہے۔ جس کا جیسا ظرف ہے وہ ظاہر ہوتا ہے۔

یہ بھی ایک انوکھی بات ہے۔

فضاء قائم کی ہوئی اون ہی کی۔ کتابوں کے پڑھنے کا بھی شوق مجھ سے بالراست لینے کی ہمت نہیں۔ ایک دوست نے اپنے لئے ایک سٹ لیا تھا۔ نظر پڑی۔ اوسے ہی غنیمت سمجھا۔ اون سے لے لیا۔ قیمت مجھے نہ ملی۔ میں نے ان دوست سے مطالبہ کیا تو ان کا یہ عذر رہا کہ کتابیں تو غصب کر لی گئیں۔ لہٰذا غاصب پر نالش کی جائے۔ دنیا میں تعداد غاصبین کی ہی زیادہ رہتی ہے شرفاء کو ان کے وجود کو تسلیم بھی کرنا پڑتا ہے۔ اور برداشت بھی

اس کی نوعیت دوسری ہے کہ

اس کا تعلق ہے صحافت سے۔

رعیت و رہبر و مملکت کی مجھ پر پہلے سے مہربانی رہی ہے۔ یہ پرچے میرے پاس آتے رہے کبھی چندے کا مطالبہ نہیں ہوا۔ لہٰذا

وقت محسوس کیا کیا کروں۔ پھر بھی میں نے اپنا مطالبہ معذرت
کے ساتھ پیش کیا۔ صبح دکن و پیام سے میں نے یہی کیا۔ وقت و میزان
صحیفہ کا اس سلسلہ میں کچھ اصرار رہا کہ رواج و عملدرآمد کے لحاظ
سے تنقید و ریویو کے لئے مدیران اخبار کو کتابیں بلا ادائی قیمت تحفتہً
(Complimentary) دیجاتی ہیں لہذا مجھے بھی اس
قاعدہ کی پابندی کرتے ہوئے اونہیں کتابیں دینی چاہئیں۔ میں نے
اس کو تسلیم کیا اور کہا یہ صحیح ہے۔ ہونا بھی اصولاً یہی چاہئے
اگر مجھے اپنے کتابوں کی فروخت اور اشاعت کی غرض سے پروپگنڈہ
منظور ہوتا تو بیشک میں یہ کرتا۔ اور مجھ پر لازم تھا کہ یہ کروں۔ لیکن
اس غرض سے تو میں نے آپ کی خدمتمیں کتابیں نہیں پیش کی ہیں۔
میں نے پبلک کی دلچسپی کی خاطر مسائل و مضامین کی یکجائی تالیف
کی ہے۔ اور ان کو بہ شکل کتاب پیش کیا ہے جس طرح دوسرے
احباب کو میں نے یہ کتابیں دی ہیں۔ اوسی طرح آپ کو دونگا۔ غرض
واحد ہے۔ میں آپ سے کبھی تو اوس چیز کا طالب ہوں جو اون
سے چاہتا ہوں۔ میں نے کیا کہا۔ اور لکھا ہے۔ وہ کوئی راز پنہاں
نہیں۔ حیدرآباد کی پبلک اس سے بخوبی واقف ہے کتابیں بھی
اکثر احباب کے نظروں سے گزر چکی ہیں۔ میں کوئی پروپگنڈہ نہیں
چاہتا۔ اگر آپ اپنے طور پر امور مندرجہ کتب کے نسبت کچھ لکھنا
تنقید کرنا اپنا فرض تصور کرتے ہیں تو زحمت فرمائیے۔ ورنہ مجھے
اس کی ضرورت نہیں۔ بعض نے میرے مطالبہ ہی کو عذر گردانا
اور کتابیں واپس کردیں۔ اور بعضوں نے رکھ لیا۔ مگر اخبارات

میں کوئی تنقید مجھے نظر نہیں آئی۔ خیر یہ بھی سہی۔
ہر ایک کتاب کی ۵۰۰ جلدیں طبع ہوئی تھیں جس کے منجملہ چند مطبع کے نذر ہوئیں۔ اور ۵ جلدیں پولیس و سیاسات و معلومات کو دی گئیں۔ وہاں شاید یہ زینت و آرائش کا کام دیتی ہیں۔ قیمت مجھے ادا کرنی پڑی۔

ان کتابوں کی کتابت طباعت کچھ آسان نہ تھی۔ خوشامد درآمد سے کام لینا پڑا۔ کتابت کی وقت رفع ہوئی تو کاغذ کا مسئلہ پیش ہوا۔ بہر طور کوشش کر کے جس طرح بھی ممکن ہوا اور جو بھی قیمت ادا کرنی پڑی اوس کو دیکر کاغذ مہیا کیا۔ روزانہ میرا یہی کام تھا مطبع کی حاضری دوں۔ تقاضا جاری رکھوں۔ پہلے دو کتابیں چھپیں بعد میں تیسری۔ میں مضمون نگار بھی تھا۔ محرر و چپراسی بھی۔

بہر حال میں پنڈت نرائک راؤ صاحب اور مالک ہستہ پریس کا ممنون ہوں کہ اونہوں نے بروقت میری کتابوں کو شائع کیا اور میرے احباب کو پڑھنے کا موقع دیا۔

مختصر یہ کہ علاوہ اخراجات موٹر نشینی و کرایہ رکشا و تانگہ چھپائی پر تخمیناً دو ہزار روپیہ صرف ہوئے۔ اور اس کی بدولت میری ایک مستقل یادگار تیار ہو گئی۔

رخصت ہونے سے پہلے ضروری تھا کہ اپنی بھاوج کے وظیفہ کی اجرائی کی کوشش کروں اور قرضے کے ادائی کی سبیل۔
لہذا میں نے نواب صدر اعظم بہادر کو زحمت دی۔ اون سے

ملا۔ اور ان امور کی نسبت عرض کیا۔ نواب صدر اعظم بہادر نے تائید کا وعدہ فرمایا۔ اور درخواست پیش کرنے کے لئے کہا۔

میں نے حسب دراخواستیں پیش کیں۔

وظیفہ کی بابتہ درخواست دی کہ (۲) سال قبل فرمان خداوندی شرف صدور لا چکا ہے کہ کم از کم پچاس روپیہ وظیفہ کیا جائے۔ اس وقت تک اجرائی عمل میں نہیں آئی۔ براہ کرم جلد اجرائی کے احکام صادر فرمائے جائیں تو باعث ممنونیت ہوگا۔

دوسری درخواست یہ تھی۔ "از راہ مہربانی اگر گورنمنٹ دمکان موزعہ کنگ کوٹھی روڈ کو خرید سے تو میرے لئے بڑی سہولت کا باعث ہوگا۔ ہر چیز طے کر کے میں نہایت اطمینان قلب کے ساتھ یہاں سے جا سکتا ہوں۔ خانوادۂ آصفی کے الطاف و عنایات شاہانہ میرے خاندان پر ہمیشہ مبذول رہے ہیں۔ جاتے ہوئے بھی مجھے یقین ہے نظر شفقت و عنایت مجھ پر رہے گی۔ اور مدت العمر جہاں رہوں جس طرح رہوں یاد دلاتی رہے گی کہ میں بھی اس چمنستان آصفی ہی کا ادنیٰ خدمت گزار اور شیدائی تھا۔

ایک کا تعلق تھا مالگزاری سے۔ دوسرے کا تعمیرات سے

ابتدا ہمت افزا رہی۔ نواب صدر اعظم بہادر نے محکمہ جات متعلقہ کو احکام صادر فرمایا۔ میں نے بھی امید باندھی۔ اپنا وصیت نامہ تیار کیا۔ نواب زین یار جنگ بہادر کو دیا کہ خود بھی دیکھیں۔ صدر اعظم بہادر کو بھی دکھلائیں۔

اوس میں یہ لکھا تھا:۔

"اتنا ہونا بھی محال تھا۔ اگر نواب صدر اعظم بہادر از راہ مہربانی مکان کے منجانب سرکار عالی خریدی کے نسبت درخواست کو شرف قبولیت نہ بخشے۔ اور نواب زین یار جنگ بہادر صدر المہام تعمیرات اپنی عنایت و دلچسپی سے اس کا جلد تصفیہ نہ فرماتے۔ میں ان کا بیحد شکر گزار ہوں اور حکومت سرکار عالی کا بھی کہ اوس نے ایک تارک وطن کے ساتھ یہ حسن سلوک مرعی رکھا اور اس کو رہین منت کیا"

یہ وصیت نامہ شہر کورنبس لکھا گیا تھا۔

دن جیسے گزرتے گئے۔ رنگ کچھ اور ہی کھلا۔

میری نظر سطح پر تھی۔

تجربہ ہوا۔ اسے۔ ڈی۔ سی کی مہربانی ہو تو صدر اعظم سے ملنا آسان ہے۔ ملاقات بھی ہو سکتی ہے۔ بات بھی۔ لیکن نیچے کی منزلیں کٹھن ہیں۔ وہاں رسائی ممکن نہیں۔ شان عہدہ داری کے خلاف ہے۔ اہل معاملہ سے گفتگو کی جائے۔

اب تو میری حیثیت اہل معاملہ کی ٹھیری۔

ہر محفل میں۔ پہلے عادت تھی سننے کی۔

اپنے نسبت گفت و شنید کا موقع بھی نہیں آیا تھا۔

اب نئے طریقے رائج ہیں۔

اور میری غرض وابستہ ہے۔

معلوم ہوا اپنا فرض ہے صرف درخواست دینے کا۔ باقی توجہ دلانے کا۔

اس کے آگے مقام ہے راز سربستہ کا۔ اعلیٰ ہستیوں کا۔
نتیجہ مفید نکلے زہے نصیب۔
ورنہ مصالح انتظامی و نظم و نسق جامع و مانع ہیں۔
مالگزاری کو لکھا گیا تو نواب فضل نواز جنگ بہادر سے ملنے کی کوشش کی۔ کوئی جواب نہ ملا۔ لکھا کہ کوئی مجبوری نہیں۔ اگر آپ نہ ملنا چاہیں۔ میرے تحریر کا مقصد صرف اسقدر تھا کہ معاملہ کی جلد یکسوئی ہو جائے۔ جواب وصول ہوا کہ گزارش لکھی گئی۔ اور صدارت عظمیٰ روانہ کر دیگی۔ ہے۔

اس کے بعد معلوم نہیں کیا ہوا۔ راز سربستہ ہے۔ اتنا زمانہ گزرا کہ اب یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ خدا ہی وظیفہ دلائے تو دلائے۔ بھائی کو انتقال کئے ۵ سال ہوئے۔ (۳) سال قبل فرمان خداوندی شرف صدور لایا۔ اور حالیہ کوشش میری ایک سال سے ہے۔

تعمیرات کا مسئلہ دوسری طرح چلا۔ نواب زین یار جنگ بہادر نے فوری احکام برآمد کے تیاری کے لئے صادر کئے۔ جو تیار ہوئی۔ جملہ مراحل طے پائے لیکن دن گزرتے جاتے تھے۔ فکر و پریشانی میں اضافہ تھا اور وظیفہ کی کارروائی بلا پرسش پڑی تھی لہذا میں نے نواب صدر اعظم بہادر سے ملنے کی استدعا کی۔ جواب ملا کہ محکمہ جات متعلقہ میں کارروائی جاری ہے۔ ان کے ملنے سے کیا فائدہ۔

بہرحال کئی ماہ کے انتظار کے بعد کونسل میں مسئلہ پیش ہوا تھا کچھ اعتراضات ہوئے۔

بدلتی ہوئی صورت کو نواب زین یار جنگ بہادر نے سنبھالا اور پھر سے کارروائی کی بنا ڈالی۔

میرے دل میں تو کھٹک تھی۔ نواب لیاقت جنگ بہادر کہہ چکے تھے جب میں ان سے ملا تھا کہ پہلے یہ امر ہی تصفیہ طلب ہے کہ آیا گورنمنٹ کو مکان کے خریدنے کی ضرورت ہے۔ قیمت کا تصفیہ اور رقم دینے کا مسئلہ بعد کا ہے۔

مولوی انوار اللہ صاحب نے بھی جو گفتگو کی وہ صاف تھی۔ وہ کہتے تھے خانگی اشخاص اپنی رقم کے (INVESTMENT) اور حصول منافع کی خاطر اتنی قیمت ادا کر سکتے ہیں گورنمنٹ کو اس کی ضرورت نہیں۔ نہ گورنمنٹ اتنی رقم ادا کر سکے گی۔ اور نہ مکان خریدے گی۔

نواب زین یار جنگ سے ملا۔ اور اس گفتگو کا ذکر کیا۔ انہوں نے پھر امید دلائی اور میں نے بھی یہ خیال کیا کہ شاید بالمشافہ گفتگو جملہ امور طے پا جائیں گے میرا یہی کہنا تھا کہ اطراف اکناف میں اراضی کی جو آجکل قیمتیں اونچی رہی ہیں۔ اس کے لحاظ سے قیمت کا تعین کیا جائے۔

فہمائش جو دی گئی اوس کے جواب میں میں نے عرض کیا۔ بالمشافہ گفتگو کا موقع نہیں آیا۔

"مکان کا لینا نہ لینا سرکار عالی کے مرضی پر منحصر ہے۔ اور جناب حکومت اپنی مصلحت آپ بہتر جانتی ہے۔ مجھے خود اس کا احساس ہے کہ اس وقت سرکار عالی اپنے طور پر مکان نہیں خرید کر رہی ہے

بلکہ میری درخواست پر غور کیا جا رہا ہے۔ اپنی حد تک میں نے دیانت سے سودا کرنا چاہا۔ جو حقیقت تھی۔ اس کو ظاہر کیا۔ جب سرکار عالی کا رجحان نہیں ہے تو مجبوری ہے"

سرکار عالی معاملہ کرنے کے لئے مجبور تو ہے نہیں۔ میں نے ہی توقعات رکھے تھے جو پورے نہ ہوئے۔

یہ بھی ہیں دلچسپ باتیں۔

روزمرہ کا تجربہ سامنے آیا۔ ہر چیز کے دو پہلو رہتے ہیں۔ میری نظر تھی ایک پہلو پر۔ دوسرا ظہور پذیر ہوا۔

نہ قصور میرا نہ کسی اور کا۔

یہ ہے وقت کی مہما۔

اوروں کے لئے مٹی سونا ہوتی ہے۔ میرا سونا بھی مٹی ہو جاتا ہے

میری سیدھی بھی اولٹی معلوم ہوتی ہے۔

سب ہیں میرے دوست۔ ہمدردی بھی کرتے ہیں۔ کہتے ہیں تائید کریں گے۔

صداقت پسندی کو میرے مانتے ہیں۔ مگر مسئلہ ان سے بنتا نہیں سنبھلتا نہیں۔ بگڑتا ہے۔

اپنی لاچاری کا اظہار کرتے ہیں۔

فلاں نے یہ کیا۔ ایسا کیا۔ بنداوہ کچھ نہ کر سکے۔ چاہتے تو بہت کچھ تھے۔ انہوں نے یہ کیوں کیا خدا جانے۔

یہ میری شومئ قسمت ہے۔ یا وقت کا اثر

اس میں ان اخبار کا کیا قصور

حسن باسوء اتفاق سے اتفاق و اختلاف کرنے والے ہر دو قسم کے زمرۂ احباب میں شامل ہیں۔

اب بھی وہ دوستی کا دم بھرتے ہیں اپنی جانب سے میں نے وہی مخلصانہ طرز کو قائم رکھا ہے جو پہلے تھی۔

سمجھتا ہوں یہ اظہار اختلاف کسی مصلحت پر مبنی ہے۔ کسی اپنے مفاد کی خاطر اور جو کچھ ہو رہا ہے اوس میں مصلحت ایزدی پنہاں ہے لیکن چاہتا تھا دوست دوست نظر آئیں۔ دشمن تو بآسانی معلوم ہو جاتے ہیں۔

شدنی تو ہو کر رہتی ہے۔ مگر بات رہ جاتی ہے

بہر حال اس وقت تمہیں ہر جگہ ہیں گل کھلے ہوئے۔ میرے لئے ہے کانٹا چننے کے لئے۔

نواب صدر اعظم بہادر سے جب ملا تو واقعات جو رونما ہوئے تھے اون کو بیان کیا۔

نواب عالم یار جنگ بہادر کے پاس جو درخواست دی تھی اس کا تذکرہ کیا اور ان درخواستوں کی جانب توجہ دلائی جو ان کی ارباب حکومت کی موسومہ تھی صدر اعظم بہادر نے واقعات سنکر اظہار افسوس کیا اور فرمایا کہ درخواستیں ممبر اپنچارج نواب عالم یار جنگ بہادر کے پاس روانہ کر دیگئی ہیں ان کی رائے کے بعد یہ مسئلہ باب حکومت میں پیش ہوگا۔ یہ ملاقات ارادی بہشت ۱۳۰۵ف میں ہوئی تھی۔

اس موقع پر میں نے نواب صدر اعظم بہادر سے اپنے بھاوج مسٹر بالکشن کے خلیفہ کی کارروائی اور خریدی مکان کے نسبت عرض کیا تھا جس پر ان کا یہ ارشاد ہوا تھا
" آپ درخواست دیں۔ اور یقین رکھئے۔ مجھ سے جو ہوگا کرونگا میری طرف سے کوئی مخالفت نہ ہوگی" میں نے شکریہ ادا کیا۔ نواب صاحب نے اس سلسلہ میں جو کارروائی فرمائی اس کا ذکر آچکا ہے۔ اوس کے لئے میں ان کا بیحد ممنون و مشکور ہوں۔ جو کچھ بھی اونہوں نے کیا میرے توقعات سے زائد کیا۔ یہ ان کی شرافت اور نیک دلی ہے کہ فضائے مخالفت کے باوجود اونہوں نے میری تائید فرمائی اور اس کا بھی خیال نہ کیا کہ میں نے اونکی ذات کو عدلیہ کے بدعنوانیوں کیلئے ذمہ دار قرار دیا ہے۔ اور مقدمہ چلانے کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔ حیدرآباد سے جانیکے متعلق بھی اون کا یہ فرمانا تھا کہ آپ کیوں جاتے ہیں یہ دھن آپ کا ہے۔ آپ کو نہ جانا چاہیے۔
اس مہربانی کی تہ میں کونسی چیز محرک عمل ہے اس کا علم تو اونہیں ہے۔ لیکن میرے لئے اندازہ مشکل نہیں۔ یہ ہے ریکارڈ صداقت وحقیقت۔ لہذا کہوں تو بے موقع ہوگا۔
مجھ سے نواب صاحب ممدوح کی شناسائی اون احباب کی سی نہیں ہے جن سے پشتنی تعلقات رہے۔ اور جو میرے یا میرے خاندان کے حیثیت وجاہت مکارناموں کو جانتے ہیں۔ میری ان کی ملاقات اس وقت سے ہے جب بحیثیت صدر اعظم وہ حیدرآباد تشریف لائے اور نواب کمال یار جنگ بہادر مرحوم کے عشائیہ

کے موقع پر نواب بہادر یار جنگ بہادر مرحوم نے میرا اون سے تعارف کرایا۔ اس کے بعد ملاقاتیں ہوئیں۔ اور تبادلہ خیالات بھی ممکن ہے میری نسبت اور اون سے اونہوں نے کہا سنا بھی ہو۔ لیکن ظاہر ہے پرانوں سے جو توقع میں رکھ سکتا تھا وہ اون سے نہیں۔ یہ خدا کی شان ہے کہ جو غیر تھا وہ مجھے اس حد تک اپنایا اور جو اپنے تھے اونہوں نے غیریت اختیار کی جس کی کم از کم میں نے تو نہیں کی تھی۔

یہ وجہ ہے کہ کوئی چیز نہ ہوتے ہوئے بھی میں اپنے کو نواب صاحب کا رہین منت سمجھتا ہوں۔ اور جو کچھ بھی اونہوں نے کیا میں اس کے لئے اون کا شکر گزار ہوں۔

وقت مختصر

کاروائی اس طرح جاری رہی۔

یہ سلسلہ درخواست ہائے سابقہ بہمن ۱۳۵۵ف میں نواب صدر المہام بہادر عدالت اور نواب صدر اعظم بہادر بابت کوہت کو درخواستیں دی گئیں۔

نواب عالم یار جنگ بہادر صدر المہام عدالت کو تو ترکیا ایک سال قبل درخواست دی گئی تھی۔ اوس کا کیا تصفیہ کیا گیا ایما نہ پایا جائے۔ یعنی کوئی جواب۔ اس وقت تک مرحمت نہیں ہوا اسی طرح نواب صدر اعظم بہادر دو باب حکومت کے پاس یہ تعین رقم ہر جہ مبلغ پانچ لاکھ روپیہ درخواست پیش کی اور استدعا کی کہ ذریعہ کمیشن اس کا تصفیہ فرمایا جائے تو مناسب حال ہوگا۔

اور پھر بہ تعین مدت تحریر کیا کہ براہ کرم ایما فرمایا جائے کہ سرکار عالی اس بارے میں کیا کرنا چاہتی ہے۔ . . . . . ورنہ مسئلہ صاف ہے۔ میری توہین کی گئی۔ مجھے مالی نقصان پہنچا ہے۔ اعلیٰ عہدہ داران عدالت و نظم و نسق کے مقابلہ میں مجھے کارروائی کرنی پڑے گی . . . . . اب بھی میں نہیں چاہتا اور امید کرتا ہوں کہ منجانب سرکار عالی بھی اس کی نوبت نہیں آنے دیجائے گی۔

صدارت عظمیٰ سے مجھے یہ فہمائش ملی۔ "آپ کے مطالبہ میں عدالت العالیہ نے جو کارروائی کی اوس کی نوعیت عدالتی ہے۔ اس لئے عدالتی امور میں نہ کوئی دست اندازی کی جا سکتی ہے نہ بذریعہ کمیشن تحقیقات کرائی جا سکتی ہے"

دوسرے ہی دن جواب دیا۔ اور ساتھ ہی پیشگاہ خداوندی میں پیش کرنے کے لئے معروضۂ ادب جناب معتمد صاحب بالگاؤ کے حوالہ کیا۔ فہمائش دی گئی دفتر پیشی میں بالرست اس کو داخل کریں۔ بنا بریں نواب کامیار جنگ بہادر کی خدمت میں اس کو ارسال کیا۔

بجواب باب حکومت فہمائش آمدہ میں یہ عرض کیا ہے کہ فہمائش جو ہوگی اس کے لئے میں نواب صاحب ناظم بہادر اور عزیز باب حکومت سے مشکور ہوں۔ دیکھکر تعجب بھی ہوا۔ افسوس بھی۔ اس کی توقع نہ تھی۔ اس سے یہ معنی ہوئے کہ میرے لئے عدالت العالیہ کے کاٹنے کا کوئی علاج نہیں۔ میری تہتک ہو۔ مجھے بدنام و رسوا کیا جائے مجھے مالی نقصان پہنچے۔ اور یہ سب

کچھ عمداً کیا کرایا جائے۔ باب حکومت کو اس سے واسطہ نہیں۔ میں متفکر و متضرر ہی رہوں۔ اور ضرر پہونچانے والوں سے پوچھنے والا کوئی نہ ہو۔ مانتا ہوں میں ایک معمولی حیثیت کا انسان ہوں لیکن مجھے اپنی اور اپنے خاندان کی عزت و آبرو پیاری ہے۔ باشندۂ ملک اور حضرت جہاں پناہی کی رعایا ہونے کے باعث میں امید رکھتا ہوں کہ جس طرح مجھے خود اپنی جان و مال عزت و آبرو کی حفاظت و پاسداری کا خیال ہے اوسی طرح حکومت سرکار عالی کا ہر سررشتہ۔ اور سررشتہ کا ہر فرد رکھے گا۔ ورنہ مجھے یہ نتیجہ چار و ناچار اخذ کرنا پڑیگا کہ میری حد تک ان سررشتہ جات کا وجود و عدم یکساں ہے۔ جیسا میں ویسی دوسری رعایا اس قسم کے حالات میں یہی تصور کریگی۔

غالباً سطحی نظر ڈالی گئی۔ اور سرسری طور پر رائے قائم فرمالی گئی۔ اگر بغور مسائل کو جانچا جاتا تو مجھے یقین ہے کہ معزز بالا حکومت کی تحریر کا رنگ کچھ اور ہی ہوتا۔

بہرحال میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ جو نظریہ فہمائش نامہ کے ذریعہ ظاہر فرمایا گیا ہے۔ وہ صحیح نہیں ہے۔ اور اس کے تسلیم کرنے میں مجھے تامل ہے۔ اس نظریہ کے کیا نتائج مترتب ہوں گے۔ معلوم نہیں کہ اوس پر توجہ فرمائی گئی یا کیا۔ اس کے کہنے کی غالباً ضرورت نہیں کہ مسئلے کے جملہ پہلوؤں کو سامنے رکھکر ہی میں نے ہمیشہ تصفیہ کی خواہش کی ہے۔ میں نہیں چاہتا کہ کسی کو غلط فہمی میں رکھوں اور خود اس میں مبتلا رہوں۔ اور اس کارروائی کے

تعلق سے، تو میری عین تمنا ہے کہ مجھ پر جو بھی گزرے دودھ دودھ نظر آئے اور پانی پانی ۔ اور جس کا جو نظریہ ہو وہ "میری تادیبی کارروائی" سے عبرت حاصل کرے۔ اور ملک کے لئے یہ میرا کارنامۂ آخر سفید ثابت ہو ۔ اور دیانت ۔ صداقت ۔ عدل و انصاف کی بابتہ صحیح تصورات قائم کرنے میں اہل ملک کا وہ ممد و معاون ہو ۔

لہٰذا میں اس کے لئے آمادہ ہوں اور ممنون ہوں گا کہ معزز اراکین باب حکومت میری کہانی میری زبانی سنیں ۔ مجھے اپنے عذرات کو پیش کرنے کا موقع عطا کریں ۔ اور پھر جو رائے ہو اس کو ظاہر فرمائیں ۔ زحمت تو ہوتی ہے ۔ اور وقت بھی قیمتی ہے ۔ لیکن ایک دن اس غرض کے لئے مجھے عنایت ہو تو میں یقین دلاتا ہوں کہ معزز اراکین ناخوش نہ ہوں گے ۔ جلد ہی اس ہفتہ عشرہ میں کوئی تاریخ مقرر فرمائی جائے ۔ تو باعث ممنونیت ہوگا"

بارگاہ جہاں پناہی میں اظہار واقعات کے بعد یہ معروضہ ادب پیش کیا :—

"بہر حال درجہ بدرجہ ادنیٰ سے اعلیٰ تک ہر محکمہ میں فدوی نے چارہ جوئی کی کوشش کی ۔ باب حکومت نے یہ کہکر ٹالدیا کہ نوعیت کارروائی عدالتی ہے لہٰذا نہ کوئی دست اندازی کی جا سکتی ہے نہ بذریعہ کمیشن تحقیقات کرائی جا سکتی ہے ۔ لہٰذا اب فدوی کے لئے صرف درد دولت شاہی کا سہارا ہے ۔ فدوی کی اس وقت بھی بارگاہ خداوندی میں التجا عطائے انصاف کی ہے ۔ اپنے لئے

ہو یا دوسروں کے واسطے فدوی حقیقی انصاف کا طالب ہے
فدوی اور کچھ نہیں چاہتا۔

فدوی کو شکایت ہے سلوک ناروا کی۔ ناقدردانی کی۔
تمنا ضرور ہے بیعوض بیقدری۔ قدر افزائی کی۔

فدوی اپنے مشفق و مہربان شاہ ذیجاہ سے اور کیا عرض کرے۔
فدوی نے پنج دہائی کے سامنے ہمیشہ اعلیٰ النصب العین رکھا۔ اور
اس وقت بھی فدوی کا یہ ہی کہنا ہے۔ کوئی مانے یا نہ مانے جس ملک
میں عدلیہ کی فضا پاک صاف نہ ہو۔ جہاں بار کے افراد دیانت اور
جرأت سے اپنا فرض انجام نہ دیں۔ حکام کا معیار اخلاق اونچا
اور ان کے کردار نیک اور شریفانہ نہ ہوں۔ رعایا کو چین و آرام
نصیب نہیں ہو سکتا۔ یہ حقیقت ہے جہاں دیانت۔ صداقت
عدل و انصاف نہ پایا جائے۔ اوس جگہ رحمت الٰہی کی توقع عبث
ہے۔ لیکن اب فدوی پر الزام ہے۔

فدوی کا انمول اثاثہ اوس کی شہرت اور نیک نامی ہے جو
بفضل خدا اسکو ملک میں حاصل ہے۔ اوس کو متاثر نہیں ہونے دیا جا سکتا۔ لہذا
فدوی مجبور ہے کہ کارروائی کرے اور تحقیقی واقعات کا انکشاف کرائے
جو نقصان مالی اوسے پہونچا ہے اوس کی بابتہ ہرجہ کا ذمہ دار ہو۔

فدوی خانوادۂ آصفی کا پشتینی نمک خوار ہے۔ اور دل و جان
سے اس ملک اور رعایا کے فلاح و بہبود کا خواہاں۔ ذات
بابرکات خداوندی کے لئے جان و مال سب کچھ قربان کرنے آمادہ ہے

لیکن معمولاً فدوی کے لئے دو طریقے حصول انصاف کے ہیں۔
(۱) بصیغہ فوجداری ازالہ حیثیت عرفی کا استغاثہ پیش کرے۔
(۲) بصیغہ دیوانی ہرجہ نقصان کی بابتہ نالش دائر کرے۔
ان ہر دو کو فدوی اختیار کرنا چاہتا ہے۔

فلاں فلاں عہدہ داران نے اپنے فعل اور ترک فعل سے فدوی کی توہین کی اور کرائی ہے۔ اور نقصان پہونچایا ہے۔ لہذا ان کے مقابلہ میں فدوی کا ارادہ ہے اندرون پندرہ یوم استغاثہ دائر کرے۔

بابتہ ہرجہ نیز نالش دائر ہوگی جو علاوہ اور اشخاص کے نواب صدر اعظم بہادر سرکار عالی کے مقابلہ میں ہوگی۔

فدوی آمادہ ہے کہ معمولی عدالتوں میں کارروائی کرے۔ لیکن اس میں ایک دقت ہے گو مسئلہ ہے شخصی حیثیت سے۔ مگر انسانی فطرت کا تقاضا ہے۔ اس لئے فدوی کا معروضہ ہے کہ بہ لفاظ اختیارات شاہی بالتفاق کمیشن ان جملہ امور کی یکجائی تحقیقات کا حکم فیصلہ صادر فرمایا جائے تو موجب دادرسی ہوگا۔

اجرائی کمیشن کے اور وجوہ تحت کی درخواستوں میں فدوی نے بالتفصیل بتلائے ہیں۔

فدوی تخمیناً ڈیڑھ سال سے اس گردش میں ہے۔ ایک سال ہونے آیا کہ فدوی نے سند وکالت واپس کردی۔ لیکن ہنوز روز اول ہے اور فدوی کی پریشانی میں اس کے باعث اضافہ ہی ہے۔ فدوی کے آئندہ لائحہ عمل کا انحصار بھی اس کے تصفیہ پر ہے۔ لہذا فدوی

بصد ادب و بہ عجز و انکسار ملتجی ہے کہ
مراحم خسروانہ و عطوفت شاہانہ بالتفاد کمیشن فوری تحقیقات
و تصفیہ کے لئے فرمان عطوفت نشان شرف صدور فرمایا جائے تو موجب
سعادت ہوگا۔

اب میں یہ آخری زینہ پر پہونچا ہوں۔ ارشاد خداوندی جو ہو۔
ذکر کر رہا تھا نواب صدر اعظم بہادر کی کرم فرمائی کا۔۔۔
شفقانہ بتاؤ خواہ روں کا رہا اون کا بھی تذکرہ ضروری ہے۔
نواب دیانت خیال بہادر کے خلوص کے نسبت کیا عرض کروں؟
جامعہ اخلاق و مروت سے مجھ سے پیش آتے۔ میری صاف گوئی
اور سچائی کی بھی داد دیتے رہتے۔ جیسا وہ پہلے ملتے تھے اسی طرح
اب بھی ملے۔ وہ پہلے شخص تھے جو میری کتابیں لیں۔ رقم بھی اوسی
وقت ادا کر دی۔ بہر حال میں اون کو اپنے احباب میں سے سمجھتا رہا
لہذا۔۔۔ درخواست دینے کے پہلے بھی اور بعد میں اون سے
ملا اور اپنے عادت کے مطابق کھلے دل سے جو نواب صدر اعظم
بہادر سے کہا تھا اوس کو دہرایا۔ میرے رحضی بیان کو تو وہ پڑھ
چکے تھے درخواست دینے کے بعد جو گفتگو ہوئی اوس وقت ان
کا یہ کہنا رہا۔ رقم کے دینے اور قیمت کا تصفیہ کرنے کا مسئلہ تو بعد
کا ہے۔ پہلے تو نواب صدر اعظم بہادر کو اس امر کی نسبت کونسل
کو مطمئن کرنا پڑے گا کہ سرکار عالی کو مکان خریدنے کی ضرورت ہے
ساتھ ہی اس کا ذکر کیا کہ راجہ پرتاب گیر کے سلسلے میں تجربہ
ہو چکا ہے۔

ابھی تک اس میں مقدمہ بازی ہو رہی ہے۔

میں اس مقدمہ کے واقعات سے واقف تھا۔ راجہ صاحب کا کونسل رہ چکا تھا۔ جو ابدعوی میں نے مرتب کیا تھا اور نواب حیدر نواز جنگ بہادر مرحوم کے زمانہ سے نواب سیاقت جنگ بہادر نے جو دلچسپی اس مقدمہ میں لی ہے وہ مجھ سے پوشیدہ نہ تھی۔ ان سے خود سے کئی مرتبہ اس معاملہ میں گفتگو ہو چکی تھی۔ قطع نظر عدالتی پیروی کے میں نے اور طور پر بھی مرتبہ کوشش کی تھی کہ گورنمنٹ کے نقطۂ نظر کے مد نظر بھی مسئلہ حل کرا دیا جائے۔ لیکن یہ نہ ہوا۔ لہذا میں نے جواب دیا۔ اس میں راجہ پرتاب گیر کا کیا قصور؟ آپ نے خود غلط راستہ اختیار کیا۔ اور ان کی ایک نہ مانی۔ لیکن اس موقع پر اور میرے تعلق سے یہ خیال آپ کے دل میں کیوں آ رہا ہے؟ میں تو حیدرآباد سے رخصت ہو رہا ہوں۔ ان امور کو طے کر کے جانا چاہتا ہوں۔ ابھی وصیت تک میں نے لکھ دی ہے۔ تو کیا آپ مجھ سے یہ معاملگی کی توقع رکھتے ہیں۔ یا آپ خود کرنا چاہتے ہیں خیر آپ کو جو کرنا ہے وہ کیجئے۔ اگر سرکار خالی مکان نہ شریر سے تو مجھے اور انتظام کرنا پڑے گا۔ اس میں میرے لئے البتہ صورت تھی یہ کہکر میں رخصت ہوا۔ مگر اس پر بھی مجھے اس امر کی توقع تھی کہ جب نواب صدر اعظم بہادر کی تحریک سے اور نواب رین یار جنگ بہادر نے مکان کی ضرورت اظہار کیا ہے تو مجھ سے اور امور کی بابت بالمشافہ تصفیہ کر لیا جائے گا اور معاملہ طے پا جائے گا۔

لیکن جو ہوا وہ سامنے ہے۔ اوس کا ذکر آچکا ہے۔
نواب زین یار جنگ بہادر کو جوں ہی میری درخواست کی اطلاع ہوی اونہوں نے کارروائی آغاز فرمائی۔ دلچسپی۔ کوشش کی کہ میری معاونت کی جائے۔ نتیجہ میرے مطابق نہ نکلا۔ یہ اونکے بس کی بات نہ تھی۔ مجھے اوس کا احساس ہے۔ ہمدردی سے پیش آئے میرے مشکلات کو آسان کرنا چاہا۔ یہاں تک کہا کہ اگر جاگیردار یا صاحب معاش کی حیثیت ہوتی تو یہ جملہ رقم کی ادائی میں کر دیتا اور تمہاری ان تفکرات کو رفع کرتا۔ خدا نے چاہا تو یہ پریشانی جلد ہی دور ہو جائیگی مثل سابق ملتے، ہنستے بولتے مجھے ہمیشہ یاد فرماتے۔ اس جگہ سے تو رشتہ محبت ہے۔ یہاں پیدا ہوئے۔ اسی آب و ہوا میں پرورش پائی۔ بڑے ہوئے۔ اب اس عمر کو پہونچے۔ سب سے بڑھکر ملک و مالک سے تعلق پشتینی ہے۔ کہاں جاتے ہو۔ تم سے تو ہمیں ابھی کام لینا ہے۔ جو ہوا اوس کا افسوس ہے۔ ہونی چیز ہو گئی۔ اس کے ہونے ہوئے بھی تم یہ خیال کرو سب تمہاری عزت کرتے ہیں۔ مالک تم کو چاہتے ہیں۔ پبلک تم سے محبت کرتی ہے۔ احباب تمہارے قدرداں ہیں۔ ہر شخص کا تم پر اعتماد ہے۔ اس کا تمہیں لحاظ چاہیے۔ مسئلہ جہاں تک میں نے سمجھا ہے یہی ہے۔ شکایت ہے بیجا اتہام بدسلوکی انتقام کی اس کا تصفیہ ہو جائے جو باسانی ممکن ہے۔ اور اظہار قدردانی ہو۔
جب مخلصانہ اسپرٹ میں ان چیزوں کا اظہار کیا گیا اوس کا میں کیا شکریہ ادا کروں؟ اوس کا نقش میرے دل پر ہے۔ یہ محسوس کرتا

ہوں کہ رکن باب حکومت ہوتے ہوئے بھی نواب۔ زین یار جنگ نے اپنا حق دوستی ادا کیا۔ اس کا اعتراف مجھ پر فرض ہے۔

دوست وہی جو دوست کے کام آئے یہ مقولہ ہے تجربہ پر مبنی ہے۔ مگر ایسا دوست کمیاب ہوتا ہے دوستی کا دم بھی بھرتے ہیں۔ جو سچا پریمی ہوتا ہے وہ کام آتا ہے۔ زین یار جنگ نے اپنی شرافت اور خلوص و محبت کو نہ چھوڑا۔ لہذا میرے دل میں اون کی قدر ہے۔

ایک زمانے سے مولوی سید محمد اعظم صاحب کی خدمت میں مجھے شرف نیاز مندی حاصل ہے اون کے والد ماجد مولوی سید احمد صاحب مرحوم کی بزرگانہ نظر عنایت مجھ پر تھی۔ ہمیشہ رہی۔ جب تک بقید حیات رہے اپنی دعا دوا سے مجھے فیضیاب کرتے رہے سید محمد اعظم صاحب بھی اپنے والد کی طرح مجھ سے محبت رکھتے ہیں اونہیں مجھ سے ہمدردی بھی ہے۔ غالباً میرے متعلق اچھی رائے بھی رکھتے ہیں۔ چاہتے ہیں کہ معاملات سلجھ جائیں۔ فکر و پریشانی میری رفع بھی ہو۔

مگر حالات سے وہ کچھ مایوس سے نظر آتے ہیں۔

مجھ سے کہتے تھے تمہارے مخالف ہے۔ یہ جرم تم نے کیا اس سے کیا فائدہ؟ مانا کہ تمہاری غلطی نہ تھی۔ آخر سند وکالت کیوں واپس کی۔ اپنا نقصان اپنے ہاتھوں کیا۔ اس کی ضرورت نہ تھی بہت سمجھایا پھر سے وکالت شروع کردوں یہ بھی کہا مجھے موقع مصلحت کے اعتبار سے کام کرنا چاہئے۔ اس کی بھی کوشش

کی کہ اس راہ میں جو امر مانع ہے وہ بھی نہ رہے۔ میری قدر دانی بھی ہو۔ سلسلہ ملازمت میں منسلک ہو کر کسی نہ کسی طریق سے ملک کے کام آؤں . . . . . .

اس کے ساتھ مجھ پر اعتراض بھی کیا کہ مجھے اپنی ذمہ داری محسوس کرنی چاہیئے تھی۔ باہر جانے کے کا جو خیال باندھا وہ صحیح نہیں ہے۔

میری وہ کچھ نہ سنتے۔ دل میں میرے توضیحات کو غلط نہ بھی باور کرتے ہوں۔ مگر مجھ سے ہمیشہ گفتگو میں مخالفانہ پہلو اختیار کرتے۔

معاملہ عدالتی ہونے کے باعث قیام رائے میں اونہیں شاید دقت محسوس ہوتی اور وہ پریشان ہوتے اگر کوئی اون سے یہ کہتا کہ زیادتی میری ہی ہے۔ اور جو کچھ میں نے کہا تھا وہ قابل اعتراض ضرور ہے۔ لہذا تجویز عدالت العالیہ میں کوئی دست اندازی نہیں کی جا سکتی۔ یہی دلائل میرے سامنے پیش کر کے مجھ سے کہتے۔ اب کیا ہو سکتا ہے۔

میرا خیال ہے اون کے پیش نظر شاید یہ چیز بھی رہتی کہ کونسل میں دو قانون داں حضرات تشریف فرما ہیں معاملہ قانونی عدالتی ہے۔ وہ جو کہیں اوس کے خلاف یہ کیا کہہ سن سکتے ہیں۔

مجھے یہ معلوم ہوتا ہے مولوی سید محمد اعظم صاحب کا دل دل کچھ کہتا ہے۔ دماغ کچھ اور۔ اگر ان کے دل کی چلے تو یقیناً وہ ہر سو میرے لئے فضا کے بدلنے کے خواہاں ہوں گے۔

میں مانتا ہوں کہ یہ بھی ایک مخلصانہ انداز ہے۔ میرے مہربان دوست نے جو زحمت فرمائی ہے۔ اوس کے لئے میں انکا شکر گزار ہوں۔

اونہیں میرا یہی جواب رہا۔ کہ میں یہ کب کہتا ہوں کہ میں جو کہوں اوس کو ہر شخص مانے۔ یہ میرا نظریہ ہے دوسروں کا جو ہو میں نے تو قربانی اپنی کی ہے۔ نقصان اپنے کو پہونچایا کسی کو نہ برا بھلا کہا اور نہ کسی کے نقصان کا باعث ہوا۔

البتہ کوشش یہ ہے اور چاہتا ہوں کہ صرف یہ ظاہر ہو جائے کہ میرے ساتھ جو سلوک کیا گیا وہ نہ عدلیہ اور نہ عاملہ کے شایان شان تھا اور سرکار عالی کا سکوت ان عناصر کو تقویت پہونچاتا ہے جو ملک کے لئے مضرت رساں ثابت ہوتے ہیں یہ بھی میں کہتا ہوں۔ مگر یہ عادت نہیں میری کہ کسی کی رائے کو متاثر کروں۔ اور کہوں کہ میری خاطر وہ میری بات مان لیں۔ اگر میرا کہنا غلط معلوم ہوتا ہے تو وہ بخوشی اس کو تسلیم نہ کریں۔ مجھے کوئی رنج نہ ہوگا۔

ہر شخص جانتا ہے کہ میں کھلے دل سے کہتا ہوں۔ یہ خواہش نہیں کرتا کہ میری خاطر کوئی اپنی رائے بدل دے۔ یا کچھ کا کچھ کر دے۔ چاہتا صرف یہ ہوں۔ کہ واقعات کو نظر انداز نہ کیا جائے۔ صحیح رائے قائم کی جائے۔ دوسروں کی خاطر مجھے بھینٹ نہ چڑھایا جائے۔ تقاضائے فطرت ہے کہ اپنے کو ذبح نہ ہونے دوں۔ جہاں تک ہو سکے بچنے کی کوشش کروں۔ اور چونکہ میں نے صداقت کا ادعا کیا ہے۔ لہذا آرزو بھی ہے کہ میں نے جو کہا ہے اوسکو ثابت کر دکھلاؤں۔

جب کبھی جس کسی سے اس زمانہ میں ان امور کی نسبت تذکرہ آیا انہی جذبات کے تحت میں نے گفتگو کی۔ طریقہ صحیح ہے یا غلط خدا جانے۔

دیوان بہادر ارامدو ائینگار صاحب سے کئی مرتبہ اس بارے میں باتیں ہوئیں۔ اوروں کے مانند ان کیلئے بھی وقت تھی۔ وہ میری بولیں یا پنڈت لکشمن ریڈی صاحب اور راجہ بہادر بشیشور ناتھ کی۔ جو حکام بھی ہیں اور پرانے ملاقاتی۔ بہرحال وہ مجھے اوس وقت سے جانتے ہیں جبکہ میں نے پیشۂ وکالت اختیار کیا۔ بلحاظ عمر وہ میرے بزرگ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کا تجربہ وسیع ہے میرے طریقۂ بول چال۔ خیالات۔ جذبات سے وہ بخوبی واقف ہیں اور واقعات جس طرح رونما ہوئے۔ کارروائی میرے مقابلہ میں جو چلی چلائی گئی۔ اور جو میرا نظریہ رہا اوس سے بھی۔

نواب صدر اعظم بہادر و معزز ارباب حکومت کی خدمت میں درخواستیں پیش کی جا چکی تھیں۔ اوس سلسلہ میں مجھے فہمائش دی گئی اور میں نے اوس کا جواب گزرانا۔

اتفاق کی بات ہے۔ اس کے بعد ہی دیوان بہادر ارا۔ ڈائینگار صاحب سے ایک جگہ ملاقات ہوئی۔

کیا کہوں کیا باتیں ہوئیں۔

اس وقت ان کی زبانی وہ سنا جس کی توقع نہ تھی۔ انداز بیان بھی حیرت انگیز تھا۔ سیاست و حکومت کی شان کا نظارہ انہوں نے دکھلایا۔ نظریہ جو پیش کیا وہ ان کا تھا یا دوسروں کا اس کا

علم اون کو ہے۔
اپنے تعلق سے ان چیزوں کا اظہار ہوگا اس کا مجھے وہم وگمان
بھی نہ تھا۔
تحقیقات سے کیوں انکار ہے یہ میری سمجھ میں نہ آیا۔ شاید یہ
اندیشہ ہو کہیں اور امور کا انکشاف ہو جائے۔
بہر حال یہ عیاں ہے۔ دوسروں پر حرف نہ آئے۔ اس کا خیال
ہے۔ مجھ پر کچھ بھی گزرے۔
جو کلیے۔ اصلاحات تراشے گئے ہیں وہ اسی مقصد براری کے لئے
اور کیا کہوں۔؟ کہاں تک کہتا جاؤں؟
میں نے فہمائش نامہ اور اپنے جواب کا ذکر کیا۔ رائیٹی سند
اور میرا جو نقصان ہوا اوس کی جانب توجہ دلائی۔ اور کہا کہ باب
حکومت نے بلا لحاظ واقعات۔ ورونداد مثل ایک سرسری رائے
قائم فرمائی ہے۔ اور اوس بنا پر مجھے فہمائش دی ہے۔ جو قرین
معدلت نہیں ہے۔ میری درخواستوں کا یہ جواب نہیں ہو سکتا۔
اور نہ کارروائی کرنے سے انکار کیا جا سکتا ہے۔ انصاف
اس کا مقتضی ہے کہ میرے مبنیہ واقعات پر غور کر کے رائے قائم
کی جائے۔ اور اس غرض سے میرے استدعا کے مطابق بالمشافہ
عرض حال کرنے کا موقع دیا جائے۔ دیوان بہادر نے میری درخواست
کو ناقابل قبول قرار دیا۔ اور کہا خصوصیت کے برتنے کی کیا وجہ ہے
مجھے اجازت دیجائے تو ہر درخواست گزار کی یہ استدعا ہوگی
کہ وہ بالمشافہ باب حکومت کے روبرو حاضر ہو کر اپنے واقعات

اور عذرات بیان کرے۔ رہا مسئلہ ناانصافی۔ اس قسم کی صدہا درخواستیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ باب حکومت کا یہ کام نہیں ہے کہ عذر ناانصافی کی بناء پر اس قسم کی درخواستوں کا تصفیہ کرتے بیٹھے۔ میرے کارروائی کے نسبت عدالتی تجویز ہو چکی ہے لہذا اوس کے تفصیل میں جانے واقعات کے جانچنے۔ اپنی رائے و وجوہ دلائل بیان کرنے کی اوس کو کوئی ضرورت نہیں۔ اور نہ یہ بتلانے کی کہ مجھے کیا کرنا چاہئے۔ اگر اعلیحضرت حکم دیں تو پھر واقعات پر توجہ کی جائے گی۔ بحالت موجودہ جو چارہ کار قانونی مجھے حاصل ہے وہ میں اختیار کروں۔

میں نے توجہ دلائی کہ پہلے ہی سے میں نے اس ارادہ کا اظہار کیا ہے۔ اور درخواستیں دیں۔ لیکن اس وقت تک کوئی جواب مرحمت نہیں فرمایا گیا۔ نواب صدر المہام نے عدالت نے سکوت اختیار کیا۔ باب حکومت نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اور اب یہ فہمایش ملی ہے۔

دیوان بہادر نے فرمایا۔ جواب کا دینا سرکار عالی پر فرض نہیں۔ مجھے اگر ضابطہ و قانون کے تحت کوئی حق حاصل ہے تو میں اوسے اختیار کروں۔ یہ مجھے پہلے ہی کرنا چاہئے تھا۔ اور یہ بھی کہا۔

"تم نے جو کچھ کہا سنا۔ سند واپس کردی۔ اوس کی غرض یا تو محض بڑائی کرنا تھی (Huffs) یا یہ تصور تھا کہ اوس طریقۂ عمل سے نتیجہ تمہارے مطابق نکلے گا۔ جب یہ نہیں نکلا۔ تم نے اپنی سند واپس کردی۔ اپنا نقصان آپ کیا۔ اگر عدالت العالیہ سند

لبتی تو تمہارا کیس زور دار ہوتا۔ اور تم معاوضۂ نقصان کے طالب ہو سکتے تھے۔ اب یہ تمھارا فعل ہے اس کی ذمہ داری تم ہی پر ہے۔ لہذا جھگڑو۔ باب حکومت کو اس سے کیا تعلق"۔

گفتگو مختصر۔ ہم میں صرف اتنا ہی کہہ سکا کہ آپ کے خود کا تجربہ ہے کہ نگرانیاً ناانصافی کی بنا پر عدالت مافوق میں مقدمات پیش ہوتے اور سماعت کئے جاتے ہیں۔ صدر اعظم و باب حکومت نظم و نسق کے اعلیٰ زینہ پر ہیں۔ لہذا جب کوئی امر ناانصافی ان کے اطلاع میں آئے یا لایا جائے تو اون پر فرض ہے کہ وہ اوس کی بابتہ تحقیقات کریں۔ یا کرائیں اور دادرسی عطا کریں۔ اس سے پہلو تہی رعایائے ملک کے لئے انصاف کا دروازہ بند کرنے کے مماثل ہے۔

دیوان بہادر کہہ تو گئے معلوم نہیں اونہوں نے اس پر غور کیا یا کیا۔ مگر فی الحقیقت باب حکومت کا عمل اوس نوعیت کا رہا جو اونہوں نے اپنے گفتگو میں ظاہر فرمایا۔

وہی چیز سامنے آئی جو عدالت العالیہ میں ظاہر ہوئی۔

وہی ذہنیت وہی عمل۔

ملاحظہ ہو

(۱) سماعت سے انکار ہے۔ اس بنا پر کہ دوسرے بھی اس نوعیت کی درخواستیں پھر پیش کر سکتے ہیں۔ کہا جاتا ہے سب کے ساتھ ایک ہی طریق پر سلوک ہونا چاہئے استثنائی صورت نہیں قرار دی جا سکتی۔

(۲) بلا معائنہ شل سرسری تجویز صادر ہو جاتی ہے۔ واقعات

میں جانے۔ روئداد پر غور کرنے کی ضرورت نہیں بتائی جاتی۔
(۳) یہ بھی ضرور نہیں جو تجویز صادر ہوئی اوس کے وجوہ دلائل ظاہر کیے جائیں۔
(۴) محکمہ سرکار۔ صدر المہام۔ صدر اعظم پر واجب نہیں کہ وہ درخواست گزار کو اس کے باضابطہ درخواست کی نسبت کوئی جواب دے۔ یا بتلائے کہ کیا کارروائی کی جارہی ہے۔ یا کی جانی مقصود ہے یا سکوت کے کیا وجوہ ہیں۔
(۵) باب حکومت واقعات میں نہیں جائے گی۔ ناانصافی یا داستان ستم کتنی ہی عیاں اور شدید کیوں نہ ہو۔
(۶) اعلیحضرت حکم دیں تو وہ اسپر غور کرے گی۔ ورنہ اوسے واقعات سے کوئی واسطہ نہیں۔ میں چاہتا تھا اینگلو صاحب سے عرض کروں۔ مگر اس کا موقع نہیں ملا۔ اگر خانگی شخص کسی خط کا جواب نہ دے تو یہ سمجھا جاتا ہے یا تو وہ بدتمیز ہے یا مغرور۔ بہرحال اس کا یہ فعل اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا۔ عہدہ داران سرکاری جب یہ طریقہ اختیار کریں تو ان کے نسبت کیا تصور کیا جائے۔
درخواست دیجاتی ہے ایک غرض سے۔ آئینی۔ قانونی حق کے تحت۔ جب حاکم اوس پر توجہ نہ کرے۔ اوس کا تصفیہ نہ کرے۔ اور جانتے بوجھتے اوس سے بے اعتنائی برتے تو کیا سمجھا جائے۔
کیا یہ مناسب طریقہ ہے؟ اہل معاملہ کیوں یہ نہ سمجھے کہ یہ برتاؤ ٹال مٹول کا اس لئے ہے کہ وہ زیادتیاں جس کی اوس کو شکایت ہے اپنی جگہ برقرار رہیں۔ اوس کا وہ تصفیہ نہیں کرنا چاہتے۔ لہذا

لہذا اس بے اعتنائی کی وجہ سے جو نقصان اوسے پہونچتا ہے اوس کی ذمہ داری کس پر؟

میں نے خصوصیت کے ساتھ برتاؤ کی خواہش کبھی نہیں کی۔ فرائض کے ادائی کے ساتھ اپنے انسانی۔ آئینی۔ قانونی حقوق کے استعمال پر مصر ہوں۔ اپنے لئے وہی سہولت۔ وہی آزادی۔ وہی خودداری کی فضا چاہتا ہوں جس کے پانے کا ہر باشندۂ ملک اخلاقاً انصافاً مستحق ہے۔

مسئلہ میرے تعلق سے ہے۔ کیا کہوں؟
مگر دل میں یہ خیالات گزر رہے ہیں
دیکھئے ہوا کا رخ کدہر ہے؟
کیا تھا اور اب کیا ہو گیا۔

حالات یہ ہیں۔ تجویز سرسری۔ بلا مشورہ دیکھئے۔ واقعات معلوم کیجئے۔ اور پھر ناز ہے اپنے قابلیت۔ سیاست۔ حکومت۔ انصاف رسانی پر۔

خواہش بھی ہے رعایا اس کو تسلیم کرے حکام کو اپنے فرائض منصبی کا احساس ہے۔ اور اوس کو وہ دیانت داری اور مستعدی سے انجام دیتے ہیں۔

اور اہل ملک مطمئن رہیں کہ اون کے جان و مال و عزت و آبرو کی حفاظت ان کے اس طریقۂ کار سے ممکن ہے۔

تعجب ہے ان امور پر غور نہیں فرمایا گیا ورنہ اس کا احساس ہوتا کہ غلط

راستہ اختیار کیا گیا۔ نظریہ مندرجہ نمائش نامہ قطعاً غلط ہے اور میری درخواستوں کا یہ جواب نہیں ہو سکتا۔

(۱) یہ صحیح نہیں ہے کہ جو کارروائی میرے مقابلہ میں کی گئی اوس کی نوعیت عدالتی ہے۔ از روئے قانون عدالت العالیہ کے اختیارات کی تقسیم عدالتی اور انتظامی میں کی گئی ہے۔ دائرۂ عدالتی انتظامی سے جداگانہ ہے۔ تحت قانون وکلا جو کارروائی کی جاتی ہے اوس کی حیثیت خود انتظامی کی ہے۔ اور ان کارروائیات کے نسبت عدالت العالیہ جو تحقیقات و تجویز فرماتی ہے۔ وہ بصیغہ انتظامی ہوتی ہے۔ جلسۂ انتظامی کے تجویز کی نگرانی محکمہ سرکار میں ہوتی ہے۔ محکمہ سرکار کوئی عدالت نہیں ہے۔ جلسۂ انتظامی عدالت العالیہ کی کارروائی عدالتی متصور ہوتی تو تجویز عدالت العالیہ کی ناراضی سے جوڈیشل کمیٹی میں مرافعہ ہوتا۔ اوس کے عیوض محکمہ سرکار میں جو نگرانی کرنے کا حق دیا گیا اوس سے ظاہر ہے کہ نوعیت کارروائی عدالتی نہیں انتظامی ہے۔ اس کے خلاف تصور غلط ہے۔

(۲) جلسۂ انتظامی عدالت العالیہ میرے استدعا کے مطابق پنڈت لکشمن ریڈی صاحب کے تحریر کے نسبت مکمل یا ضابطہ تحقیقات کرنے کے عیوض اوس کا تجربہ کر کے ایک جزو کی حد تک کارروائی کو محدود رکھا اور دوسرے کے نسبت یہ طے کیا کہ وہ معرض بحث میں نہیں ہے۔

جزو اول کی بابتہ جو تجویز صادر کی گئی وہ قیاسات و تاویلات کی بناء پر بلا اخذ ثبوت و تردید ہونے کے باعث غیر صحیح ہے۔

جزء دوم کی بابتہ کوئی تجویز ہی نہیں صادر ہوئی۔

نواب صدر المہام بہادر عدالت نے جلسۂ انتظامی عدالت العالیہ کے تجویز کو بحال رکھا جو جزء اول کی بابتہ تھی۔ جزء دوم کی نسبت نہیں۔ لہذا باب حکومت کا سماعت سے انکار کرنا اس بناء پر کہ کارروائی کی نوعیت عدالتی ہے۔ غیر صحیح ہے۔

(۳) ذریعہ کمیشن تحقیقات کے متعلق خود حکام عدالت العالیہ نے یہ تجویز فرمایا ہے کہ اعلیحضرت ایسا حکم صادر فرما سکتے ہیں۔ کوئی دوسرا شخص ایسا حکم دینے کا مجاز نہیں ہے۔ عدالت العالیہ کے تسلیم کے بعد جو یہ تحریر کیا گیا کہ ذریعہ کمیشن تحقیقات نہیں کرائی جا سکتی صحیح نہیں ہے۔ باب حکومت کا فرض تھا کہ پیشگاہ خداوندی میں باظہار واقعات معروضہ پیش کرتی اور حکم حاصل کرتی۔ اس کے عیوض جو مجھے فہمایش دی گئی وہ غلط ہے۔

کیا کہوں؟ افسوس ہے تو اس کا کہ قانون دان حضرات نے اس پر صاد کیا۔

دیوان بہادر سے کہہ نہ سکا۔ اور نہ کبھی سے۔ مگر دل میں میرے یہ خیالات گزر رہے تھے۔ کس مپرسی کی میری یہ کیفیت ہے حاکم رعایا کو گنتی میں؟ لوگ جانتے پہچانتے اور کچھ میری عزت بھی کرتے ہیں دل کو پوچھنا کون ہے؟

جو آسمان پر رہتے ہیں انہیں زمین نظر نہیں آتی۔ وہ دیکھنا چاہیں جانتے۔ نگاہ اونچی ہی رہتی۔

یہ ہے فرق زمین و آسمان والوں کا۔

کیا کیا جائے ؟ زمین والے نیچے ہی کے ٹھیرے۔ اونکی اپنی نگاہ زمین پر ہو اس اڑنے کی طاقت نہیں۔ رسائی آسمان تک کیسے ہو۔ اوس کا علم نہیں۔

آسمانی قانون کو پھر اپنی طرف کس طرح ملتفت کیا جائے۔

مشکل امر ہے۔

اونہی کی مہربانی ہو تو ہو۔

ورنہ وہ ہیں آسمان والے۔ یہ ہیں زمین کے۔

زمین والوں پر کیا گزرتی ہے۔ آسمان کی فضا میں رہنے والوں کو اوس سے کیا غرض ہے جس پر آتی ہے وہ اوس کو نبٹے۔

اور یہ اوس کے دردِ زبان ہو جو کرے اچھا۔ اوس کا بھی بھلا۔ جو برا کرے اوس کا بھی بھلا۔

خدا خیریت سے گزار دے۔

راجہ زرنگ راج بہادر کو مجھ سے بڑی محبت ہے۔ وہ نہیں چاہتے میں حیدرآباد سے جاؤں۔ یہ انکی تحریر ہے۔

مجھے اس خبر کے سننے سے سخت قلق و رنج ہے کہ آپ نے ترک وطن کا ارادہ کیا ہے۔ میرے لئے آپ کا ارادہ ترک وطن اس لئے بہت زیادہ باعث تکلیف ہے کہ میرا آپ کا قدیم خاندانی تعلق ہے۔ اور (۳۰) سال کی ہے غرض و خلوص و محبت پر مبنی راہ و رسم کا سلسلہ اب بھی جاری ہے۔ یوں تو آپ کا خاندان خیر خواہ ملک و مالک اور نہایت راست باز رہا ہے۔ اور اس سبب سے ہمیشہ اوس کی شہرت اور عزت ہوتی رہی ہے۔ مگر آپ کا

دور زندگی تو محض ملک اور مالک کی خدمت میں گذرا ہے اور آپ نے ہمیشہ انتہا جذبات سے کام لیا۔ حتیٰ کہ اپنے نقصان تک کی پرواہ نہ کی۔

مجھے آپ کے سیاسی مسائل سے کوئی واسطہ نہیں۔ میرا اور میرے خاندان کا عقیدہ مالک پرستی رہا ہے۔

سیاسی مسائل سے بے تعلق ہو کر آپ سے یہ عرض کرنا ہے کہ ملک سے جانے کے خیال کو آپ ترک فرمائیں۔ مالک مجازی کی نظر آپ کے شامل حال ہے۔ اور ملک نے ہمیشہ آپ کے خدمات کا اعتراف کیا ہے۔ ایسی حالت میں آپ کو ترک وطن کا ارادہ نہ کرنا چاہیئے۔ میں یہ خوب جانتا ہوں کہ آپ اپنے ذہن اور عزم کے پکے ہیں۔ مگر یہ مسئلہ بے حد نازک اور غور طلب ہے۔ جب آپ کا ایثار مسلمہ ہے اور آپ ملک و مالک کے فدائی کہلاتے ہیں تو چاہیئے کہ کسی ہی سخت سے سخت تکلیف کیوں نہ ہو آپ کو ان خصوصیات کے مدنظر برداشت کرنی چاہیئے۔ آپ نے جن خاص بزرگ ہستیوں کی۔ یعنی سری ملیا مہاراج اور سری اوپاسنی بابا مہاراج کی بھگتی اور سیوا کی ہے اور ان کے اقوال و زندگی کو بنظر عقیدت مطالعہ فرمایا اس کے لحاظ سے بھی میں آپ سے اس ارادہ کے ترک کرنے کی استدعا کروں تو بیجا نہ ہوگا۔ میں آخر میں خدا سے دعا کرتا ہوں کہ وہ آپ کی مدد کرے اور اس ارادہ کے ترک کی توفیق عطا فرمائے۔ زیادہ محبت

دلی باد۔ ۲۵ تیر ۵۴ف نیازمند۔ نرنگ راج

اب میں خود کیا کہوں ۔ میں نے کیا کیا کیوں کیا ۔ اچھا کیا برا کیا ۔
اس کا اندازہ تو اور لوگ لگائیں ۔

ہوا تو یہ ہے ۔
عدالت العالیہ نے بد اطواری فائش کا مرتکب قرار دیا ۔
بد اطوار شخص اور کیا کرتا ۔ اوس نے اپنی سند وکالت واپس کر دی
بد اطواری پر اپنے اتراتا بھی ہے ۔
نظم و نسق نے الزام لگایا ۔ غلط مفروضات کی بنا پر مسائل کو
پیش کرتا ہوں ۔ اور عوام کو مغالطہ دینا اور پریشان کرنا میرا مقصد ہے
ایسا شخص یہاں رہکر کیا کرتا ۔ لہذا اعلان رخصت کیا ۔
اور اب بھی جانے پر اصرار ہے ۔
عدالت العالیہ کا خیال ہے میں نے اوس کے وقار کو صدمہ پہنچایا
اوس کی تحقیر کی ۔ نظم و نسق کا کہ میں نے اوس کے خلاف فضا پیدا
کی ۔ پبلک کو پریشان کیا ۔
عدالت العالیہ سے کہتا ہوں میں اس کی توقیر چاہتا ہوں ۔
نظم و نسق سے سلطنت آصفیہ اور اقتدار شاہی کے استحکام کی
میری تمنا ہے ۔ فلاح و بہبودی رعایا میرے پیش نظر ۔
ان ہر دو کو میرے اس قول کے تسلیم کرنے میں تامل ہے ۔
میری زندگی اور میرا کیا ہوا سامنے ہے ۔
عادت نہیں میری غلط کہنے کی ۔ کسی کو پریشان کرنے کی ۔ نقصان
پہونچانے کی ۔ قسمت نے یہ دن لایا ۔ تشخیص مرض کر دل ۔ اور کچھ تجویز
علاج ۔ نسخہ میرا صحیح ہے یا غلط خدا جانے ۔

حکیم سند یافتہ نہیں۔ اور نہ میں نے یہ پیشہ اختیار کیا ہے
لیکن بفضل خدا طبیعت پائی ہے۔ بر موقع عمل کرنے کی۔ اور
خدا پر بھروسہ کر کے آگے بڑھنے کی۔ خدمت خلق کرنے کی۔
حکیم بننے کی ہی کیوں نہ نوبت آئے۔ خدا نبھا ہی لیتا ہے۔
میں سمجھتا ہوں۔ یہ داستان میری اظہار حقیقت ہے
اور کیا عرض کروں۔ اگر ایسا نہ محسوس ہو تو دل کو ہے تسکین
دیجائے کہ یہ ہستی یہاں سے اب رخصت ہو رہی ہے۔ آئندہ
کسی مزید زحمت دہی کا باعث نہ ہو گی اچھا ہوا جو گیا۔

"حسن کم جہاں پاک

۱۷ اردی بہشت ۱۳۵۵ ف

نیاز مند

سی۔ سری کشن

مطبوعہ
رعیت پرنٹنگ ورکس
حیدرآباد دکن